SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, January 31, 1988.

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at 9.30 of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿٢٥﴾ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿٢٦﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ
وَالْاِكْرَامِ ﴿٢٧﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٨﴾ يَسْئَلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ﴿٢٩﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٠﴾
سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿٣١﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٢﴾ يٰمَعْشَرَ
الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿٣٣﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ
رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٤﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا
تَنْتَصِرٰنِ ﴿٣٥﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٦﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَاۤءُ
فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, January 31, 1988.

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at 9.30 of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۝٢٥ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝٢٦ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ
وَالْاِكْرَامِ ۝٢٧ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٢٨ يَسْئَلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ۭ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ۝٢٩ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٣٠
سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ۝٣١ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٣٢ يٰمَعْشَرَ
الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ۭ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝٣٣ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ
رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٣٤ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ڏ وَّنُحَاسٌ فَلَا
تَنْتَصِرٰنِ ۝٣٥ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٣٦ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَاۤءُ
فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ

ترجمہ :۔ سو اے جن و انس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے جتنے روئے زمین پر موجود ہیں سب فنا ہو جاویں گے اور آپ کے پروردگار کی ذات جو کہ عظمت اور احسان والی ہے باقی رہ جاوے گی سو اے جن و انس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ اسی سے سب آسمان اور زمین والے مانگتے ہیں۔ وہ ہر وقت کسی نہ کسی کام میں رہتا ہے سو اے جن و انس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ اے جن و انس ہم عنقریب تمہارے لیے فارغ ہو جاتے ہیں سو اے جن و انس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ اے گروہ جن اور انسانوں کے اگر تم کو یہ قدرت ہے کہ آسمانوں اور زمین کی حدود سے کہیں باہر نکل جاؤ تو نکلو۔ بدوں زور کے نہیں نکل سکتے۔ سو اے جن و انس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

LEVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب غلام فاروق صاحب نے ضروری کام کی وجہ سے ایران سے ۳۱ جنوری کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب قاضی حسین احمد صاحب اپنی مصروفیات کی بنا پر اجلاس میں ۸ تا ۲۸ جنوری شرکت نہیں کر سکے اس لئے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب سرتاج عزیز صاحب نے بھی جن کو پرائم منسٹر کے ساتھ نوشہرہ جانا پڑا، اطلاع دی ہے کہ وہ ایوان میں حاضر نہیں ہو سکیں گے ۔

OBITUARY REFERENCE

Mr. Chairman : It is with a deep sense of profound grief that I have to inform the House of the sad demise of one of our distinguished Members Senator Muhammad Ahmed Mirza who breathed his last in Karachi on January 29 after a protracted illness (انا للہ وانا الیہ راجعون)

The late Muhammad Ahmed Mirza was a distinguished worker of Pakistan Movement. After independence he held prominent posts including membership of the *Majlis-e-Shoora*, Vice Chairman of the Pakistan Bar Council, Principal of the University Law College of Baluchistan, President of the Baluchistan Bar Association and Advocate-General of Baluchistan Province twice and General Secretary of the *Anjuman-e-Islamia* for many years. Inspite of poor health the late Muhammad Ahmed Mirza made significant contribution as a Member of the Senate of Pakistan and I hope the House will cherish his memory for years to come. I pray to Almighty Allah to shower His blessing on the departed soul and grant the members of the breaved family the strength and fortitude to bear the tragic loss. May I request the Members of the Senate to offer *Fateha* for the late Muhammad Ahmed Mirza. Senator Mir Dad Khel please lead the *Fateha Khwani.*

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: اس پر ہم کچھ بات کرنا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: وہ بھی کریں۔ اس کے بعد میرے خیال میں ریزولیوشن آرہا ہے۔ اس پر بات کریں۔ پہلے دعائے مغفرت ہو جائے:

(جناب عبدالرحیم میرداد خیل نے دعائے مغفرت اور فاتحہ خوانی کی)

جناب وسیم سجاد: جناب والا! ایک قرارداد جناب کی اجازت سے پیش کرنا چاہونگا۔ سینیٹ کا یہ اجلاس صوبہ بلوچستان سے معزز سینیٹر محمد احمد مرزا کی وفات پر گہرے رنج و الم کا اظہار کرتا ہے۔ مرحوم سینیٹر سینیٹ کے ایک ممتاز رکن تھے اور ان کی سیاسی بصیرت کا ہر شخص معترف ہے۔ وہ ایک سماجی کارکن تھے جنہوں نے اپنی ساری زندگی اپنی قوم کی فلاح و بہبود کے لئے وقف کر دی تھی۔ جناب محمد احمد مرزا ایک مشہور مسلم لیگی اور تحریک پاکستان کے رکن ہونے کے علاوہ مجلس شوریٰ کے بھی رکن رہے ہیں۔ ان کی وفات سے سینیٹ، ملک اور قوم کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا ہے۔ سینیٹ کے تمام اراکین اللہ تعالیٰ کے حضور دست بدعا ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ نیز اس قرارداد کی نقل مرحوم کے پسماندگان کو ارسال کی جائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب بلوچ صاحب۔

جناب محمد اسحاق بلوچ: جناب والا! میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ آج صبح نوائے وقت میں ایک تصویر دیکھی تھی اس پر لکھا تھا ناکام سینیٹر جاوید جبار۔ جبکہ وہ کامیاب سینیٹر ہیں۔ پریس توجہ کرے۔

جناب چیئرمین: ابھی تو اس کا موقع نہیں ہے۔ اس ریزولیوشن پر اگر کوئی اور صاحب بولنا چاہیں... جی جناب میرداد خیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! ہمارے دیرینہ ساتھی تین سال سینیٹ میں رہے۔ وہ آج اس دنیا میں موجود نہیں ہیں۔ ہر انسان نے اس فانی دنیا سے جاتا ہے خواہ وہ بچہ ہو، بوڑھا ہو یا جوان ہو اس بے وفا دنیا میں رہتے ہوئے آخرت میں کام آنے والی چیز انسان کے اعمال ہیں اور اس کا کردار ہے۔

جناب چیئرمین! مرزا محمد احمد نہ صرف پاکستانی شہری تھے بلکہ بلوچستان کی سرزمین میں انہوں ساری زندگی گزاری۔ وہ ممتاز قانون دان بھی تھے۔ انہوں نے اعلیٰ پیمانے پر قانون کی بالادستی قائم رکھتے ہوئے بہت اچھے اچھے فیصلے بھی صادر کیے۔ ان کی خدمات کے صلے میں وہ کئی عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ اپنی قابلیت کے مطابق مارشل لاء کے دور میں وفاقی کونسل مجلس شوریٰ کے رکن بھی بنے۔ اس کے بعد وہ جمہوری دور کے آنے پر سینیٹ میں رکن منتخب ہوئے اور ٹیکنوکریٹ کی سیٹ پر انہوں نے سب سے زیادہ ووٹ حاصل کیے۔ یہ بات ان کے کردار اور شخصیت کی غمازی کرتی ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ دے۔ مجھے یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ میں نے تھوڑی بہت خدمت بھی ان کی کی ہے۔ جب وہ بیمار ہوتے تھے تو ان کو لانے اور لے جانے کی بھی کچھ سعادت مجھے حاصل ہوتی تھی اس کے ساتھ ہی مجھے افسوس ہے کہ وہ بزرگ ہستی جو میرے لئے دعا کرتی تھی میں اب اس دعا سے بھی محروم ہو گیا ہوں۔ لیکن یہ فیصلے زمین پر نہیں عرش الٰہی پر ہوتے ہیں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب حسین بخش بنگلزئی صاحب۔

میر حسین بخش بنگلزئی: جناب چیئرمین صاحب! آپ کے حوالے سے اس معزز ہاؤس میں جناب مرزا محمد احمد صاحب کی موت کی جو خبر موصول ہوئی ہے اس پر ہمیں دلی رنج ہوا ہے۔ جناب مرزا محمد احمد صاحب کی زندگی کا جہاں تک تعلق ہے۔ وہ جدوجہد

[Mir Hussain Bakhsh Bangulzai]

سے عبارت تھی انہوں نے اپنی زندگی کو جدوجہد کے ذریعے بنایا تھا۔ وہ ایک سیلف میڈ آدمی تھے، وہ محنت میں یقین رکھتے تھے اور قانون کے پیشے کو بلوچستان کے اندر متعارف کرانے میں اس شخص کی بڑی گرانقدر خدمات ہیں، اور ان کا بہت بڑا رول ہے، قانون جیسے جیسے ہمارے "اے" ایریا اور "بی" ایریا میں منقسم ہو کر رواج پائے گا تو مرزا محمد احمد صاحب کا نام تاریخ کے اس چیپٹر میں، تاریخ کے اس باب میں ایک روشن ستارے کی حیثیت سے برقرار رہے گا۔ اس کے علاوہ مرزا صاحب کے ذات والا صفات میں بہت ساری خصوصیات تھیں، خاص طور پر ان کو اپنے فرض کی ادائیگی کا بہت زیادہ احساس رہتا تھا، سینیٹ کا ممبر بننے کے بعد جب وہ شخص اپنی بیماری کے باوجود، علالت کے باوجود، کمزوری کے باوجود، سینیٹ کا اجلاس attend کرنے آتے تھے تو ایک دو دفعہ ہم نے کہا بھی کہ جناب مرزا صاحب آپ آرام فرمائیں تو ان کے یہ الفاظ کم از کم مجھے کبھی بھی نہیں بھول سکتے کہ بھئی میں ایک فرض لے کر یہاں آیا ہوں اور فرض کو نبھانا آخری دم تک میرا فرض رہے گا۔ اور آخری دم تک انہوں نے اپنے فرض کو نبھایا اور جب آخری دن سینیٹ کے اجلاس سے وہ نکل کر بلوچستان ہاؤس تشریف لے جا رہے تھے تو اس وقت بھی یہ سعادت مندی مجھے بھی حاصل ہوئی کہ میں نے ان کو گاڑی پر بیٹھایا اور وہاں پر گاڑی سے اتارا بھی، یہ سعادت مجھے خدا نے عطا کی ہے یہ ان کے ساتھ میری آخری ملاقات تھی پھر اسی دن وہ کراچی شفٹ ہو گئے اور آخر کار ان کی موت کی خبر ہم نے سُنی۔ اِن جیسی معزز ہستی کو اپنے معاشرے سے miss کرتے ہوئے اپنے معاشرے سے غائب ہوتے ہوئے، اپنے معاشرے سے جدا ہوتے ہوئے یقیناً بڑا دکھ ہوتا ہے۔ خدا انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور میری یہ دعا ہے کہ اس جیسے قابل، اس جیسے باشعور، اس جیسے شریف لوگوں کو خدا ہمت دے، توفیق دے کہ وہ اس ہاؤس کے ممبر بنیں

اور اپنے فرض کے ساتھ وہی خلوص اور وہی رابطہ رکھیں جو مرزا محمد احمد صاحب رکھتے تھے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس شخص کی تمام زندگی کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں اور جناب وسیم سجاد صاحب کی اس تحریک کی مکمل حمایت کرتا ہوں، شکریہ!

جناب چیئرمین: جناب سید فضل آغا صاحب۔

انجینئر سید محمد فضل آغا: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ! محترم چیئرمین صاحب! مرزا صاحب کی موت کی خبر سن کر واقعی اہلِ بلوچستان اور اس ہاؤس کے معزز ممبران کو ضرور صدمہ ہوا ہوگا اور مجھے ذاتی طور پر دلی صدمہ ہوا ہے۔ اس لئے کہ partition کے بعد سے مرزا صاحب کا جو رول بلوچستان میں رہا ہے خصوصاً انصاف اور عدلیہ کے شعبے میں، بلوچستان کے تمام باشندے اس بات پر متفق ہیں مرزا صاحب بلوچستان کی سرزمین کے خیر خواہ تھے اور وہاں کے لوگوں کی جہالت کو ختم کرنے اور litaracy ریٹ کو بہتر بنانے کے لئے مرزا صاحب کی کافی contribution ہیں اور ان کا کردار اس میں بہت زبردست رہا ہے اسی لئے انجمن اسلامیہ کے وہ ممبر بھی تھے اور جنرل سیکرٹری بھی تھے۔ اور وہاں کے تعلیمی اداروں میں، اسلامیہ ہائی سکول اور مختلف ہسپتالوں جیسے ادارے سرِفہرست ہیں چونکہ تعلیم اور صحت کے لحاظ سے بلوچستان کے لوگ غریب اور پسماندہ تھے۔ آپ نے زیادہ خیال انہی دو اداروں کا رکھا ہے۔ اور وہاں تعلیم کی جو روشنی نکلی ہے وہ ان کی بدولت ہے۔ اس کے علاوہ مرزا صاحب عدلیہ اور انصاف میں بطور وکیل بھی کامیاب تھے بلوچستان کے تمام لوگ اس بات پر متفق ہیں کہ مرزا صاحب ایک مخلص اور ایماندار شخص تھے اور انہوں نے واقعی انصاف سے انصاف برتا اور اپنی پوری زندگی اس طرح گزاری۔ مرزا صاحب حلال روزی کمانے پر یقین رکھتے تھے اور ان کی تمام زندگی بلاشبہ زندگی کے تمام شکوک سے اور اس قسم کی باتوں سے بالاتر رہی ہے۔ کوئی

[Engr. Syed Muhammad Fazal Agha]

بھی آدمی یہ نہیں کہہ سکتا ہے کہ مرزا صاحب نے اپنی پوری زندگی میں خدانخواستہ کوئی ایسی حرکت کی ہو جو اس معاشرے میں عام کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ مرزا صاحب ایک خدا پرست انسان بھی تھے اور باقی ساتھیوں کی طرح مجھے یہ سعادت نصیب ہے کہ مرزا صاحب کے ساتھ ۱۹۷۹ میں پہلی مرتبہ حج پر جانے کے بعد میں نے ان کی قربت میں دو اڑھائی مہینے رہنے کے بعد یہ محسوس کیا کہ مرزا صاحب عمر کے لحاظ سے بھی ایک محترم اور عزیز دوست تھے ایک شفیق والد کی طرح بھی ان کی مہربانیاں ہمارے ساتھ تھیں تو مرزا صاحب میں جو خوبیاں تھیں، میری دعا ہے کہ ہر پاکستانی میں اس قسم کی خوبیاں خدا اجاگر کرے تاکہ ہم قوم اور معاشرے کی خدمت کر سکیں، اس موقع پر جناب ہم مرزا صاحب کے لئے خدا سے دست بدعا ہیں کہ خدا تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان جیسے اشخاص کو خدا اس معاشرے میں اجاگر کرے اور ان کا کردار اور کریکٹر اور انسانوں کو بھی عطا کرے، شکریہ!

جناب چیئرمین: قاضی عبداللطیف۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! مرزا صاحب ہمارے پرانے ساتھی تھے، رفاقت کے حقوق ہوتے ہیں جو موت کے بعد کام آتے ہیں۔ حدیث مبارک میں آتا ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میت کی مثال ایسی ہوتی ہے کہ جیسے کالغریق المتحوص کہ جس طریقے سے کسی انسان کو تیرنا نہ آتا ہو اور بڑے پانی کے اندر اس کو ڈال دیا جائے تو وہ مدد کا منتظر ہوتا ہے فرمایا کہ متوفی بھی انتظار کرتا ہے دعاؤں کی کہ جو اسے پہنچ جاتی ہیں باپ کی طرف، بیٹے کی طرف سے، کسی دوست کی طرف سے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ اس کو اس تکلیف سے نجات دلا دیتا ہے اور اسے بتلا دیا جاتا ہے کہ یہ دعا آپ کی، آپ کے والد یا آپ کے بھائی یا آپ کے دوست کی طرف سے آپ کو پہنچی ہے، موت کے بعد انسان کو توقعات ہوتی ہیں وہ

باقیات الصالحات میں سے ہوتی ہیں کہ جو نیک دوست ہو، نیک اولاد ہو، ان کی جانب سے جو دعائیں اس کو پہنچتی ہیں اس سے اس کے درجات بلند ہوتے ہیں، موت کے بعد کی دنیا کا آپ کو اور ہم کو علم نہیں ہے۔ اس کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے روایات سے واضح کیا ہے کہ اس کے بعد جو زندگی ہے یہ عالم برزخ کی زندگی ہے اور یہاں کی شعاعیں وہاں پر پڑتی ہیں اور یہاں کے اعمال سارے کے سارے ہمارے سامنے آجاتے ہیں اس کے بعد تیسری زندگی ہے حشر کی کہ جس کے بعد ۔ آج کل تو یہ مسئلہ کوئی چھپا ہوا نہیں رہا، جس طریقے سے ٹی۔ وی کے اندر ہمارا اٹھنا بیٹھنا سارے کا سارا آجاتا ہے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا آپ کا اٹھنا بیٹھنا بولنا یہ سارے کا سارا ریکارڈ ہے اور وہ آپ کے سامنے آجائے گا۔ آج کی سائنس کا بھی یہ دعویٰ ہے کہ ہم ہوا کی لہروں کے اندر افلاطون اور سقراط اور بقراط کی آوازوں کو تلاش کر رہے ہیں اس کا مقصد یہ ہے کہ جو کچھ ہماری زبان سے نکلتا ہے وہ لکھا جا رہا ہے اور وہ ریکارڈ ہو رہا ہے اور موت کے بعد وہ سب کچھ سامنے آجاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرزا صاحب کو غریق رحمت کرے وہ ہمارے پرانے ساتھی تھے ان کا ہم پر حق ہے کہ ہم ان کے لئے دعائیں کریں اللہ تعالیٰ ان کی لغزشوں سے درگزر فرمائے اور اللہ تعالیٰ ان کے درجات کو بلند کرے اور ان کے پسماندگان کو اللہ تعالیٰ صبر جمیل عطا فرمائے، اور ہمارا خاتمہ اللہ تعالیٰ ایمان پر فرمائے اور جتنے ہمارے والدین یا مرحومین چلے گئے ہیں اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے۔ آمین۔

جناب چیئرمین: آمین، جناب قاضی حسین احمد صاحب۔

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین! قاری صاحب نے اس اجلاس کے آغاز پر بالکل بر موقع تلاوت فرمائی تھی کہ اس دنیا میں جو بھی آیا ہے ہر متنفس نے یہاں سے جانا ہے اور ہمارا یہ ایمان ہے، ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ ہمیں اپنے رب کے سامنے اس مہلت کا جو یہاں ہمیں ملی ہے اس دنیا میں اور ان وسائل ان اختیارات اور ان صلاحیتوں کا جو اللہ تعالیٰ

[Qazi Hussain Ahmad]

نے ہمیں دی ہیں جواب دینا ہے ، مرزا محمد احمد صاحب بالکل میرے پیچھے والی نشست پر بیٹھے تھے۔ اور ان کے پاس سے ہو کر میں آتا تھا ان کی یہ خصوصیت مجھے کبھی نہیں بھولے گی کہ وہ سب سے پہلے بر وقت آ کر یہاں بیٹھ جاتے تھے اپنی کمزور صحت کے باوجود اور اپنی بیماری کے باوجود ان کے چہرے پر ہمیشہ ایک مشفقانہ مسکراہٹ رہتی تھی اور ہمیشہ وہ شفقت کے ایک دو بول ہر اس شخص کے سامنے کہہ دیتے تھے جو بھی ان سے ملتا تھا ان کی یہ یاد داشت ہمارے دلوں پر نقش ہے اور ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ ان کی مغفرت فرمائے۔ موت کا جو واقعہ ہے اور اس کا جو موقع ہے یہ دو چیزوں کی طرف ہمیں متوجہ کرتا ہے اور اس میں دو باتیں ضروری ہوتی ہیں فاتحہ کے موقع پر ایک مرنے والے کی بھلائیوں اور اچھائیوں کو یاد کرنا اور اللہ سے اس کی مغفرت کی دعا کرنا اور دوسری بات پسماندگان کے لئے ہے وہ بھی ہے ایک بار پھر یہ بات تازہ ہو کر ان کے سامنے آ جاتی ہے جس طریقے سے یہ ہمارے بھائی گئے ہیں اسی طریقے سے ہم سب نے جانا ہے۔ چھوٹی چھوٹی مصلحتوں کی خاطر عارضی مفادات کی خاطر یہاں عدل اور انصاف کے تقاضوں کو روند ڈالنا یہاں اصولوں کو پامال کرنا اس کا بالآخر انجام برا ہے اور اپنے رب کے سامنے بھی ہمیں اپنے تمام اعمال کا حساب دینا ہے یہ ایک ایسا ادارہ ہے جس میں ہمیں محض رسماً اپنے ایک گذرے ہوئے ساتھی کی کچھ بھلائیوں کا ذکر کر کے بھول نہیں جانا چاہیے کہ ہمیں بھی اس راستے میں سے گزرنا ہے۔ موت کی وادی میں سے گذر کر ہی اپنے رب سے ملاقات ہوتی ہے اور یہ مزہ ہر ایک نے چکھنا ہے "کل نفس ذائقۃ الموت" ہر نفس نے موت کا مزہ چکھنا ہے اور ایک ایسا وقت آنے والا ہے جس وقت ہر متنفس اپنا نامہ اعمال دیکھ کر کہے گا یہ کیسی کتاب ہے جس میں کوئی چھوٹی یا بڑی بات چھپی ہوئی نہیں ہے ہر چیز کا اس نے احاطہ کر لیا ہے۔ وہ کتاب جس کی طرف قاضی عبداللطیف صاحب نے اشارہ

کیا ہے آج کی دنیا میں کمپیوٹر کے لحاظ سے پوری ہسٹری سامنے آجاتی ہے ایک دم آنا" فانا" اللہ کے سامنے جو کتاب ہے اس میں ہر چیز چھوٹی یا بڑی لکھی جاتی ہے میں اس پورے ایوان سے اپنے بھائیوں سے کوئی تیز اور تلخ بات کہنے کا یہ موقع نہیں ہے لیکن ان سے میں یہ گزارش کرونگا کہ وہ اپنے رویے پر ذرا نظر ثانی کریں کہ وہ کس کس طریقے سے اللہ کے احکام ۔ شریعت نفاذ میں اپنی چھوٹی چھوٹی دنیاوی مصلحتوں اور مفادات کی خاطر رکاوٹ بن رہے ہیں ۔ اپنی اٹی ٹیوڈ پر نظر ثانی کریں اور اس دن کے لئے تیاری کریں جس دن ہم نے اپنے رب کے سامنے پیش ہونا ہے ۔ میری آپ سے درخواست ہے کہ ہماری جو مغفرت کی دعا ہے اور مرحوم کے بارے میں ہمارے جو احساسات ہیں یہ ان کے پسماندگان تک پہنچا دیئے جائیں شکریہ!

جناب چیئرمین: شکریہ ! جناب پروفیسر خورشید صاحب ۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین ! میں بھی اس موقع پر اپنے دلی رنج و غم کا اظہار کرنا اور اپنے جدا ہونے والے بھائی کے لئے دعائے مغفرت کرنے کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہوں ۔ جناب والا ! مجھے ان سے ملنے کا شرف ان کے سینیٹ میں آنے کے بعد حاصل ہوا اس سے پہلے بحیثیت ایک ماہر تعلیم کے اور خصوصیت سے بلوچستان میں قانون کی تعلیم کو رواج دینے والی شخصیت کے اعتبار سے میں نے ان کا ذکر سنا تھا لیکن مجھے ان سے ملنے کا موقع مرحوم کے سینیٹ میں آنے کے بعد حاصل ہوا میں نے انہیں ایک بڑا شریف بزرگ اور پاکستان سے سچی محبت کرنے والا ، اسلام سے گہرا لگاؤ رکھنے والا اور اس ملک میں شریعت کی بالا دستی کو عملاً دیکھنے والا شخص پایا ۔ ان کی شفقت اور محبت سے میں بے حد متاثر تھا ، اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کی موت سے یہ ایوان ایک نہایت قیمتی ساتھی سے محروم ہو گیا ہے ۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے انہیں جنت کے اعلیٰ ترین درجوں میں جگہ دے

[Prof. Khurshid Ahmed]

ان کی لغزشوں کو معاف فرمائے۔ ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ہم سب کو پاکستان اور اسلام سے سچی محبت اور زندگی کے ان مقاصد کے لئے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: شکریہ۔ نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: جناب چیئرمین صاحب! مرزا صاحب سے میری پہلی ملاقات ۱۹۴۰ میں ہوئی تھی وہ برانس کے قتل کے کیس میں شیر جان کے وکیل دفاع تھے اور میں شیر جان کا defence witness تھا مقدمہ فورٹ سنڈیمن میں ہوا۔ اس کے بعد میں ۴۷ سے ۴۹ تک کوئٹہ میں سٹی مجسٹریٹ رہا تو دن میں دو تین مرتبہ میں کیس کے سلسلے میں ان سے ملتا رہتا تھا مرزا صاحب علم کے ساتھ حلم، عقل اور بصیرت کے مالک تھے میں جب بھی آتا تھا تو کافی محظوظ ہوتا تھا وہ اپنے کیس کو ایمانداری اور اچھے طریقے سے پیش کیا کرتے تھے اس کے بعد جب وہ سینیٹ میں آئے تو اس حالت میں آئے کہ بیماری نے ان کو کافی دبوچ لیا تھا۔ کمزوری کے باوجود بھی نہ تو اپنے فرائض منصبی سے غافل رہے اور نہ غیر حاضر رہے۔ انسان موت کے لئے پیدا ہوتا ہے جب بچہ پیدا ہوتا ہے وہ ایک آرزو لیکر بڑا ہوتا ہے اور آرزو لیکر دار فانی سے کوچ کر جاتا ہے زندوں کے لئے صرف دو چیزیں ہوتی ہیں ایک اس کے متعلق اچھے یا برے تاثرات۔ دوسرا انسان کی آنکھیں کھولنے والا واقعہ کہ دوسرا انسان یہ سمجھے کہ میں نے بھی آج بالکل اس راستے پر گامزن ہونا ہے۔ اگر انسان میں تھوڑی سی عقل و بصیرت ہو تو آئندہ زندگی کے لئے تیاری کرتا ہے۔ آئندہ کی زندگی میں ماسوائے اچھے کاموں، عدل و انصاف اور اللہ تعالیٰ کی بندگی کے کوئی چیز اس کی گلو خلاصی نہیں کرا سکتی۔ مجھے بھی اپنے ساتھیوں کے ساتھ اتفاق ہے اور ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو غریق رحمت کرے اور اس کے پسماندگان جو چھوٹے ہیں ان کو اللہ صبر جمیل عطا کرے۔ ماشاء اللہ ان کا ایک لڑکا ہائیکورٹ کا

جج ہے۔ انہوں نے اپنی خدمات کی وجہ سے اچھا مقام پیدا کیا ہے اور ہم ہمیشہ انہیں یاد کرتے رہیں گے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں ایک بار پھر اللہ تعالیٰ سے ان کی مغفرت کی دعا کرتا ہوں۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب شہزادہ صاحب۔

مجاہد برہان الدین خان: جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں پہلی دفعہ مجلس شوریٰ میں مرزا صاحب سے ملا اور اس کے بعد سینیٹ میں ہم ملتے رہے۔ وہ نہایت ہی شریف النفس انسان تھے، میں ہمیشہ ان کے پاس بڑے احترام کے ساتھ جاتا تھا اور وہ مجھ سے ملنے کے لئے جب کبھی آتے تھے، تو بڑی محبت سے ملتے تھے۔ میں ہمیشہ ان کو پہلے سلام کرنے کے لئے جاتا تھا۔ وہ کہتے تھے کہ جب کبھی میں آپ کو دیکھتا ہوں تو میرے دل کو بڑی خوشی حاصل ہوتی ہے۔ ایسے موقع پر مجھے بھی ویسی ہی خوشی حاصل ہوتی تھی، کیونکہ وہ بزرگ ہستی تھے۔ وہ نہایت ہی شریف النفس انسان تھے میں ان کے لئے ہمیشہ دعا کرونگا کہ اللہ تعالیٰ ان جیسی شرافت ہمیں بھی نصیب کرے۔

جناب والا! ہم سب نے مرنا ہے، جو انسان بھی پیدا ہوا ہے وہ ضرور مرے گا اور سب نے مرنے کے بعد پھر اپنے حقیقی بادشاہ کے سامنے جانا ہے۔ اسی لئے میں اپنے تمام بھائیوں سے مؤدبانہ عرض کرونگا کہ خدا کے لئے اسلامی نظام کے قیام کے سلسلے میں کوئی صاحب بھی مخالفت نہ کرے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں پھر وسیم سجاد صاحب کی قرارداد کی حمایت کرتا ہوں اور میری یہ درخواست ہے کہ ہمارے یہ جو خیالات ہیں یہ ان کے ورثاء تک پہنچائے جائیں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو جنت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

Mr. Chairman : Thanks Soomro Sahib, I think, you would like to say something.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Sir, I join my colleagues in offering our condolence for our ex-colleague, late Mirza Mohammad Ahmed. I knew the gentleman since a very long time as he belonged to our profession of law. He was a very able and competent lawyer who, later on, was promoted as the Advocate General for Baluchistan in which capacity he has proved his mark. His departure was something which is unavoidable and all of us have to face the same but I would pay great respect to him and join my other colleagues in offering condolence to the gentleman. Thank you, Sir.

جناب چیئرمین : شکریہ ! مجھے یقین ہے کہ وسیم سجاد صاحب کی جو تعزیتی قرار داد ہے اس سے سب حضرات کو اتفاق ہے میں ایک دفعہ پھر اللہ تعالیٰ سے مرحوم کے لئے جنت الفردوس کی دعا کرتا ہوں اور ان کے پسماندگان کے لئے صبرِ جمیل کی دعا کرتا ہوں ۔ اس قرار داد کی نقل جو متفقہ طور پہ اس ہاؤس نے پاس کی ہے ، آج کے اجلاس کی کارروائی کے ساتھ ہی ان کے پسماندگان کو بھیج دی جائے گی ۔ شکریہ !

ADJOURNMENT MOTIONS

جناب چیئرمین : اب تحریکِ التوا لیتے ہیں ۔ جناب میرداد خیل صاحب تحریک نمبر ۱۸۶

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب والا ! اسے میں واپس لیتا ہوں ۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے آپ اسے واپس لے رہے ہیں ۔ شکریہ ! اگلی تحریک مولانا کوثر نیازی صاحب کے نام پر ہے ۔

"On the refusal to grant NOCs to 150 persons belonging to Medical Profession to work in a Saudi Hospital".

i) Re : REFUSAL TO GRANT NOCs TO 150 PERSONS TO WORK IN A SAUDI HOSPITAL

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین، میری تحریک کا متن یہ ہے کہ اسلام آباد کے انگریزی اخبار "مسلم" کی اطلاع کے مطابق سعودی عرب کی حکومت نے جن ایک سو پچاس سے اوپر کی تعداد میں پاکستانی ڈاکٹروں کو جاب کے لئے سلیکٹ کیا تھا انہیں وزارت صحت نے این او سی دینے سے انکار کر دیا ہے حالانکہ یہ ڈاکٹر سرکاری ملازمت سے مستعفی بھی ہو چکے ہیں۔ اس کی وجہ سے جہاں پاکستان کے قابل فرزندوں کو بیرون ملک ملازمت کے مواقع سے محروم کیا جا رہا ہے وہاں ملک زرمبادلہ کی ایک اچھی خاصی مقدار سے بھی محروم ہوگا۔ مسئلہ کی اہمیت کے پیش نظر میں تحریک کرتا ہوں کہ اسے ایوان میں زیر بحث لایا جائے۔

Mr. Chairman : Is it being opposed? Aheer Sahib.

ملک نسیم احمد آہیر: جناب چیئرمین! اس وقت وزیر صحت یہاں موجود نہیں ہیں مجھے یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ یہ موشن ان تک پہنچی بھی ہے یا نہیں۔

جناب چیئرمین: پہنچی تو ضرور ہوگی کیونکہ بہت عرصہ سے یہ چلی آرہی ہے۔

ملک نسیم احمد آہیر: جناب والا! اس وقت میرے پاس کوئی بریف تو نہیں ہے لیکن حکومت کی طرف سے میں اسے اپوز کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: بادل نخواستہ کچھ اپوزیشن ہے لیکن آپ وضاحت فرما دیں۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! میں یہ گذارش کرونگا کہ حقائق جانے بغیر کیس کی ابجد سے عدم واقفیت کے باوجود، حکومت اس تحریک کی مخالفت کر رہی ہے۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے کہ اس کا علاج یہ ہے کہ اسے مؤخر کر لیتے ہیں اگر آپ کو کوئی اعتراض نہ ہو تو۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! میں جاننا چاہوں گا کہ میرے فاضل وزیر جو ہیں، وہ حقائق کے بغیر کیسے مخالفت کر رہے ہیں۔

ملک نسیم احمد آہیر: جناب والا! میں عرض کرتا ہوں کہ چونکہ مجھے اخباری باتوں پر بالکل زیادہ اعتماد نہیں ہے۔ اگر آپ کی بات مان لی جائے تو آج کے اخبار میں سرفہرست بی بی سی کے نمائندے کے حوالے سے خبر چھپی ہوئی ہے کہ جب صدر مملکت چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر تھے تو مولانا کوثر نیازی ان کے بہت قریب تھے اور جب سے انہوں نے سول حکومت قائم کی ہے تو یہ ان کے مخالف ہو گئے ہیں، اس لئے میں کیسے یہ مان لوں کہ ان جیسا جمہوریت پسند اور اصول پسند ایسی حرکت کر سکتا ہے۔ اس لئے میں اخباری نمائندوں کی باتوں کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! میرا خیال ہے کہ مجھے فاضل وزیر کو اردو سکھانا پڑے گی جو وزیر تعلیم بھی رہ چکے ہیں۔ اگر وہ اخبار آپ کے پاس یہاں ہو تو میں اسے پڑھ کر سناؤں اور انہیں بتاؤں کہ اس میں یہ لکھا ہے۔ اور اگر انہوں نے بی بی سی خود سنا ہو اور جو ہم نے خود سنا ہے، اس لئے ہم ان سے یہ گذارش کریں گے کہ اس میں یہ لکھا ہے کہ پیر پگارا اور کوثر نیازی، صدر صاحب کے قریب رہے ہیں لیکن جب سے سول حکومت بنی ہے وہ ان سے دور ہو گئے ہیں۔ اس لئے دور نہیں ہوئے کہ سول حکومت انہوں نے قائم کی۔ مخالفت کے یہ اسباب نہیں ہیں بلکہ اس لئے مخالف ہوئے ہیں کہ حقیقت یہ ہے کہ سول حکومت کے راستے میں روڑے اٹکائے جاتے رہے ہیں لیکن بہرحال اس کا تو اس تحریک سے کوئی تعلق نہیں تھا۔

جناب چیئرمین: یہ جملہ معترضہ تھا، آپ اپنی تحریک پر بات کریں۔

مولانا کوثر نیازی: ان کا یہ بیان کہ اخبارات میں آنے والی کسی بات کو وہ نہیں ملتے....

جناب چیئرمین: وہ جملہ معترضہ سمجھیں۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! یہ ان کی مخالفت کی بیس ہے۔ صحافت پر اتنا sweeping remark دینا کہ صحافت جو ہے یہ ناقابلِ اعتبار ہے......

جناب نسیم احمد آہیر: نہیں جناب، اس کے آگے میں اور بھی عرض کرونگا کہ

(مداخلت)

جناب چیئرمین: میرے خیال میں آہیر صاحب، آپ ان کو بات کرنے دیں پھر بعد میں وضاحت ہو سکتی ہے۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! صحافت ایک اہم ذریعہ معلومات ہے اور یہی دنیا بھر میں سمجھا جاتا ہے کہ جب کسی خبر کی تردید نہیں ہوتی اور خاص طور پر جب کوئی خبر حکومت کے ایک اہم محکمہ سے متعلق ہو تو یہی سمجھا جاتا ہے کہ وہ خبر صحیح ہوگی اور وزیر صاحب اس کی تردید اس لئے نہیں کر سکتے کیونکہ اللہ کے فضل سے ان کو کچھ معلومات ہی نہیں ہیں۔ بات یہ ہے کہ ۱۵۰ سے اوپر ڈاکٹر سعودی عرب کی گورنمنٹ نے چُنے تھے، انہیں محکمہ نے یہ کہا کہ آپ لوگ مستعفی ہو جائیں تب ہم آپ کو این او سی جاری کریں گے، وہ مستعفی بھی ہو گئے، یہ شرط بھی انہوں نے پوری کر دی لیکن ان کو این او سی جاری ہی نہیں ہوئے حالانکہ جو ہمارے لوگ باہر کام کر رہے ہیں وہ واپس آ رہے ہیں، ہمارے زرمبادلہ میں کمی آ رہی ہے اور یہاں ڈاکٹروں کو جابز نہیں دی جا رہی ہیں، ڈاکٹر اتنی بہتات میں ہیں کہ وہ بے چارے جابز کو ترستے ہیں نہ حکومت انہیں یہاں ملازمت دینے کو تیار ہے اور نہ بیرون ملک اگر ان کی طلب ہوتی ہے تو وہاں جانے کے لئے انہیں این او سی دیتی ہے۔ زرمبادلہ کا یہ الگ زیاں ہے اس میں red tapism حکومت کا اور واضح ہے کہ کتنے عرصے سے وہ دھکے کھا رہے ہیں اور کوئی ان کی شنوائی نہیں ہو

[Maulana Kausar Niazi]

ہے ۔ اس لئے جناب والا! میں گذارش کرونگا کہ مسئلہ کی اہمیت کے پیشِ نظر اس کو
ٹ کیا جائے ۔

جناب چیئرمین: جناب آہیر صاحب ۔

ملک نسیم احمد آہیر: جناب والا! میری اس سلسلے میں گذارش یہ ہے کہ مجھے حقائق
کے لئے تھوڑا سا موقع دے دیں چونکہ یہ جو بات مولانا صاحب نے اٹھائی ہے
ے پتہ کی بات ہے ۔ اگر واقعی ایسی بات ہوئی ہے تو وہ لوگ جنہوں نے اس قسم کی
کی ہے وہ قابلِ پرسش ہیں ۔ اور ان سے یہ بات پوچھی جائے گی کہ انہوں نے
رکت کیوں کی ہے ۔ اگر آپ اسے مؤخر کر دیں تو میں آپ کا ممنون ہوں گا ۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! اگر وہ مخالفت نہ کرتے تو بہتر ہوتا ۔

ملک نسیم احمد آہیر: جناب والا! مجھے یقین نہیں آرہا تھا کہ یہ بات ایسے ہو سکتی ہے ۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں اگر آپ کو اعتراض نہ ہو تو اسے مؤخر کر دیتے ہیں
ر معلومات فراہم کرنے کا موقع ملنا چاہیے ۔

مولانا کوثر نیازی: یعنی وزیر صاحب اس معاملہ کی تحقیقات کر کے اس ایوان میں بتائیں
گے؟

ملک نسیم احمد آہیر: بالکل پیش کریں گے ۔

جناب چیئرمین: آئندہ جواب دیں گے اس وقت ڈیفرڈ، نیکسٹ ۹۴، جناب
عبداللطیف صاحب ۔

(ii) *RE:* CLOSING DOWN OF 168 INDUSTRIAL UNITS IN THE COUNTR

شیخ عبداللطیف: جناب والا! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینیٹ کی کارروائی روک کر
ھناک خبر سے پیش آمدہ حالات پر معزز ایوان کو بحث کا موقع دیا جائے ۔ روزنامہ

جنگ راولپنڈی ۲۰ دسمبر ۱۹۸۷ء میں ہے کہ چاروں صوبوں ۱۶۸ کارخانے بند ہو گئے اور صرف کراچی شہر میں ایسے ۴۴ کارخانے بند ہو گئے ہیں جن کی وجہ سے سی کروڑوں روپے کے محصولات سے محروم ہو چکا ہے۔

جناب والا! اس خبر کے پس منظر میں جہاں حکومت کروڑوں روپے کے محصولات سے محروم ہو رہی ہے وہاں ملکی معیشت پر اس کا انتہائی بُرا اثر ہوگا اور ہزاروں مزدوروں کو بے روزگاری کا خطرہ بھی لاحق ہے اس لئے ایوان کو اس پر بحث کا موقع دیا جائے۔

Mr. Chairman : Any response from Government ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : Opposed, Sir.

Mr. Chairman : Opposed. Qazi Abdul Latif Sahib.
وضاحت کرنا چاہیں تو فرمایئے۔

قاضی عبداللطیف: میں وضاحت تو کرونگا لیکن گزارش یہ ہے کہ جب ہمارے کئی وزرائے کرام بغیر سوال سمجھے ہی مخالفت کرتے ہیں تو سوال سمجھنے کے بعد تو انکی ایک ہی مخالفت ہوگی تو . . . .

جناب چیئرمین: اسکی آپ وضاحت کریں تاکہ سوال ان کی سمجھ میں آجائے۔

قاضی عبداللطیف: میں گزارش کر رہا ہوں جناب والا! یہ ایک حقیقت ہے اگر کارخانے بند ہو جاتے ہیں تو اس سے حکومت کی معیشت پر بھی اور مزدوروں کے روزگار پر بھی کتنا انتہائی بُرا اثر پڑے گا۔ ہمارے ملک میں اقتصادیات کی اونچ نیچ طبقاتی کشمکش کا ذریعہ بن رہا ہے اور آپ حضرات جانتے ہیں کہ امام غزالیؒ نے لکھا کہ "دولت کی مثال ایسی ہے جیسے انسان کے وجود کے اندر خون ملا خون اگر جسم کے اندر برابر گردش کرتا ہے اور ہر عضو کو اپنے استعداد کے مطابق اس کی رسائی ہوتی ہے تو سارا وجود تندرست رہتا ہے لیکن اگر کسی عضو پہ اسکا دباؤ زیادہ ہو جاتا ہے تو وہ عضو شل، بیکار

[Qazi Abdul Latif]

اور ناکارہ ہو جاتا ہے۔ اسی طریقے سے اگر دولت اسی طریقے سے گھومتی پھرتی رہے کہ بعض طبقات میں کسی کو تو روزگار بھی نہ ملے، کھانے پینے کو بھی نہ ملے اور کوئی عیش اڑائے اور کروڑپتی بن جائے تو یہ ایک ایسی بات ہے جو یہاں طبقاتی کشمکش کے لئے ایک بنیاد بن سکتی ہے میں گزارش کرونگا اور اس سلسلے کے اندر میں حکومت کی توجہ مبذول کراؤں گا کہ خصوصیت سے روزگار کی طرف توجہ دی جائے اگر مزدوروں کے اندر بے چینی پیدا ہو جائے گی تو دولت مند بھی اپنے محلوں کے اندر آرام سے نہیں بیٹھ سکیں گے اور یہ ملک کے لئے کوئی نیک شگون نہیں ہوگا۔ لہٰذا اس پر ایوان میں بحث کا موقع دیا جائے۔

میاں محمد لیسین خان وٹو: جناب والا! جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ اقتصادی طور پر یہ کارخانے چلنے چاہیئں اور حکومت کی پالیسی یہی ہے کہ ہم زیادہ سے زیادہ industrialization چاہتے ہیں۔ حکومت کی پالیسی بے روزگاری کے بارے میں بھی یہی ہے کہ زیادہ سے زیادہ روزگار مہیا کیا جائے۔ اس کے بارے میں کوئی اختلاف رائے نہیں ہے۔ کیونکہ بے روزگاری کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے ایک خاص طور پر حکومت نے ادارہ بنایا ہے جو ادارہ بے روزگار نوجوانوں کو قرضے فراہم کرتا ہے باقی ہر لحاظ سے بھرپور طریقے سے کوشش کی جا رہی ہے مجموعی طور پر ڈاکٹرز اور انجینئرز کو روزگار مہیا کیا جا رہا ہے اور دیگر اقدامات بھی کئے جا رہے ہیں جن سے بے روزگاری ختم ہو۔ لیکن اس وقت جو مسئلہ فاضل ممبر صاحب نے پیش کیا ہے کہ آیا یہ ایڈجرنمنٹ موشن کے طور پر ڈسکس ہو سکتا ہے یا نہیں تو ایڈجرنمنٹ موشن کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ یہ مسئلہ اتنا اہم اور فوری نوعیت کا ہے کہ سینیٹ کی کارروائی کو معطل کر کے اس مسئلے پر غور کیا جائے

جناب والا! اس وقت اس مسئلے کے لئے کچھ بنیادی اصول بھی طے کر لئے گئے ہیں سینیٹ کے رولز بھی موجود ہیں جن کے مطابق اسکو دیکھنا چاہیے کہ یہ مسئلہ اتنا اہم ہے کہ سینیٹ کی کارروائی معطل کی جائے تو اس کے مطابق یہ قرارداد پوری نہیں اترتی۔ تو اس

کے لیئے پہلا معاملا تو یہ ہے کہ یہ واقعاتی طور پر بھی درست نہیں ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ فوری مسئلہ نہیں ہے کئی کارخانے مختلف وجوہات کی بنیادوں پر بند ہوتے رہتے ہیں پھر چالو ہوتے رہتے ہیں۔ یہ ایک مسلسل عمل ہے جو جاری رہتا ہے۔ نئے کارخانے بھی لگتے رہتے ہیں پرانے کارخانے کبھی بند ہو جاتے ہیں کبھی چالو ہو جاتے ہیں۔ تیسرا یہ کہ یہ خصوصی معاملہ نہیں ہے یہ اتنے کارخانے ہیں ہر ایک کو چلانے کے لیئے اپنی دقتیں ہیں۔ اس لیئے ایڈجرنمنٹ موشن کے ذریعے یہ معاملہ زیر بحث نہیں آسکتا اور پھر مزید اس میں جو ایک مشکل یا قدغن حائل ہوگئی ہے وہ یہ کہ یہی مسئلہ آج سے چند روز پہلے ہی جمعرات کو قومی اسمبلی میں زیر بحث آچکا ہے جو مسئلہ چھ مہینے کے اندر یہاں زیر بحث آجائے یا قومی اسمبلی میں زیر بحث آجائے وہ تحریک التوا کی بنیاد نہیں بن سکتا۔ اور ان بنیادوں پر کہ 168 کارخانے بند ہیں اور وہ ایکسائز کی وجہ سے بند ہیں یہ بات واقعاتی طور پر نا درست ہے۔ دوسرا یہ کہ فوری نوعیت کا مسئلہ نہیں ہے۔ تیسرا یہ کہ specific مسئلہ نہیں ہے۔ چوتھا یہ کہ یہ مسئلہ چند دن پہلے قومی اسمبلی میں زیر بحث آچکا ہے اس لئے میں عرض کرونگا کہ سینیٹ کے رول 71 کے تحت یہ ایسا مسئلہ نہیں ہے جسے ایڈمٹ کیا جا سکے۔ میں ان معروضات کے ساتھ عرض کروں گا کہ اسے آوٹ آف آرڈر قرار دیا جائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب قاضی صاحب۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! میں کیا عرض کروں فاضل وزیر صاحب نے جوارشادات فرمائے بہتر یہ ہوتا کہ وہ فنی سہارا نہ لیتے اور مسئلے کی حقیقی نوعیت کو دیکھتے کہ واقعتاً اس کے اندر اہمیت کتنی ہے۔ جہاں تک قومی اسمبلی میں پیش ہونے کا تعلق ہے اسکے اندر تو دیکھنا یہ چاہیے تھا کہ ہماری تحریک التوا اس سے پہلے ہے یا وہاں کی تحریک التوا اس سے پہلے تھی اور اس طریقے سے وہ فرما رہے ہیں کہ قومی اسمبلی میں اس پر بحث ہو چکا ہے جب قومی اسمبلی میں بحث ہو چکی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ بحث کے قابل تھی۔ اب یہاں پہ

[Qazi Abdul Latif]

یہ کہہ دینا کہ یہ بحث کے قابل ہی نہیں یہ درست نہیں ہے۔ میں تو اتنی گزارش کرونگا کہ ان کو سوچنا چاہیے کہ ہمارے ہاں کیا ہو رہا ہے اور کیا ہو جائیگا۔

جناب چیرمین: جہاں تک تحریک التواء کا تعلق ہے تو جو قانونی وجوہ وزیر صاحب نے بیان فرمائی ہیں مجھے ان سے اتفاق ہے لہٰذا ایڈجرنمنٹ موشن یہ نہیں بن سکتی۔ وہاں اسمبلی میں جو بحث ہوئی ہے اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اسکو ایڈمٹ کر کے بحث ہوئی ہے یا یہ کہ پہلے آنا چاہیے تھا یا بعد میں آنا چاہیے تھا وہاں پہ بھی بحث اسمبلی پہ ہی ہوئی تھی اور اُس کو رول آوٹ کر دیا گیا تھا۔ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے، تو انہی وجوہ پہ اس کو رول آوٹ کرنا پڑے گا۔ نیکسٹ جناب احمد میاں سومرو صاحب اور پروفیسر خورشید احمد صاحب۔ ایک ہی نفس مضمون ہے۔

On the Closure of port Qasim.

جناب احمد میاں سومرو صاحب۔

(iii) *Re :* CLOSURE OF PORT QASIM

Mr. Ahmed Mian Soomro : Sir, I move that this House do adjourn to discuss a matter of urgent public importance and recent occurrence namely the closure of Port Qasim due to running in huge losses. This has caused public discontentment. This is reported in the 'NATION', daily dated 17th January, 1988. A copy of which I enclose with the notice.

جناب چیرمین: جناب پروفیسر صاحب آپ بھی پڑھ دیں۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیرمین! میں ایوان سے اس امر کی اجازت چاہتا ہوں کہ مندرجہ ذیل فوری اہمیت کے مسئلے پر قواعد کار کے تحت معمول کی کاروائی معطل کر کے بحث کی جائے۔

ڈان کراچی میں ۱۹ جنوری کی اشاعت میں پورٹ قاسم میں ۲ ہزار کارکنوں کی

ہڑتال سے پیدا شدہ صورتحال پر تفصیلی رپورٹ شائع ہوئی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان دو ہزار کارکنوں کو دو ماہ سے تنخواہیں بھی نہیں ملیں۔ ہڑتال کو اب پچاس دن ہو گئے ہیں اور اداروں کو لاکھوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ ورکرز یونین کے عہدیداروں نے صورتحال پر شدید بے چینی کا اظہار کیا ہے۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ پورٹ قاسم کے ان حالات پر سینیٹ میں بحث کی جائے۔

Mr. Chairman : Is it being opposed?

Sardar Fateh Muhammad M Hassani : Opposed Sir.

جناب چیئرمین: سومرو صاحب آپ شروع کریں

Mr. Ahmed Soomro : Sir, I am surprised that this motion is being opposed because all we sought to discuss is no doubt a matter of very urgent public importance. This closure had resulted in a loss of millions of rupees per day in addition to rendering about 3,500 labourers idle for many days. It resulted in closure of so many goods of foreign countries that were lying for loading or unloading at Port Qasim. I would ask the Minister to please appoint a committee of the Senate to go into this because it is not an ordinary matter nor it is a matter on which we unduly want to criticise the government. We want to assist the government so that such things could be avoided in the future and I think it would only be fair and in the interest of this country and the government that a Senate Committee be appointed to go into the details of this matter. Thank you, Sir.

Mr. Chairman : Thank you. Professor Khurshid Ahmed Sahib.

پروفیسر خورشید احمد: جناب والا! میں بھی اپنے محترم ساتھی اور بھائی سومرو صاحب کی استدعا میں پورا پورا شریک ہوں کہ ایک ایسے موضوع پر جو فی الحقیقت قومی اہمیت

[Prof. Khurshid Ahmed]

کا حامل ہے اور جس میں ہمارا مقصد معیشت کو سنبھالنا اور حکومت کی مدد کرنا ہے وہ اس تحریک کی مخالفت کر رہے ہیں۔ پورٹ قاسم کے حالات آپ کو معلوم ہے کہ ایک عرصے سے خراب چل رہے ہیں۔ اصل منصوبہ کیا ہے اور کس طرح اس پر عمل نہ ہو سکا اس کے بعد پھر جو کام کو بند کیا گیا اس کے نتیجے کے طور پر لیبر کے جو مسائل پیدا ہوئے ہیں کراچی میں اس کی وجہ سے بڑا اضطراب اور بے چینی ہے۔ ہمارے پاس مزدوروں کے تار چلے آرہے ہیں، وفد مل رہے ہیں۔ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ خصوصیت سے جمہوری حکومت کی کہ جہاں کہیں ایسے مسائل پیدا ہوں وہاں فوری طور پر ان کی طرف رجوع کیا جائے۔ اور پارلیمنٹ کے رکن کی حیثیت سے ہماری ذمہ داری ہے کہ ان چیزوں کو اٹھائیں تاکہ حکومت بر وقت متوجہ ہو سکے۔ تو یہ ایک ایسی چیز تھی جس پر حکومت کو یا تو یہ بتانا چاہیے تھا کہ واقعات غلط ہیں۔ پورٹ قاسم بند نہیں ہوئی ہے۔ لوگ بے روزگار نہیں ہوئے ہیں۔ تنخواہیں ان کی رکی نہیں ہیں۔ آپ یہ مجھے بتائیے کہ ایک عام مزدور کو اگر دو مہینے کی تنخواہ نہ ملے تو وہ کیسے اپنے گھر کا کام چلائے گا۔ اس بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ ان کو یا تو حقائق کو چیلنج کرنا چاہیئے تھا اور یا انہیں ویلکم کرنا چاہیے تھا کہ ہم نے اس مسئلے کی طرف انہیں متوجہ کیا جیسا کہ سومرو صاحب نے کہا کہ اگر حکومت یہ چاہتی ہے کہ اس معاملے میں ایوان اس کی مدد کرے تو بلاشبہ یہ ایوان، اس کے ارکان اس کے لئے تیار ہیں۔ لیکن معاملہ یہ ہے کہ جو قومی اہمیت کے پراجیکٹس ہیں اور جن سے ملک کی معیشت ملک کی مالیات اور لوگوں کا روزگار وابستہ ہے آپ جانتے ہیں کہ اس وقت ملک میں بے روزگاری تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ شہروں میں اس کی وجہ سے کتنی بے چینی ہے اور اس کے کیا سیاسی اور معاشی اثرات رونما ہو رہے ہیں۔ ایسے عناصر کہ جو لوگوں کے جذبات کو ابھار سکتے ہیں ان تمام چیزوں کو استعمال کر رہے ہیں۔ تو ان حالات میں ہم آپ سے اس سے زیادہ positive response کی توقع رکھتے تھے اور اب بھی

میں سمجھتا ہوں کہ وزیر صاحب کے لئے وقت ہے کہ وہ اس مسئلے پر ذرا زیادہ خوش دلی کے ساتھ اور زیادہ اس بات کو سامنے رکھتے ہوئے کہ ملک کی معیشت اور مزدوروں کا مفاد کیا ہے، اپنا رویہ اختیار کریں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایسا موضوع ہے جس پر سینیٹ میں ضرور گفتگو ہونی چاہیے۔

جناب چیئرمین: جناب سردار صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب والا! میں بھی اس پر کچھ بات کرنا چاہتا ہوں

جناب چیئرمین: جی جناب میرداد خیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب چیئرمین! میں اس تحریک کی مکمل حمایت کرتا ہوں۔ لیبر کی فیلڈ اور برادری کی حیثیت سے بھی میرا یہ فرض بنتا ہے کہ میں اس ایوان میں نشاندہی کروں کہ ملک میں حقیقتاً" بے روزگاری پہلے سے ہی بہت زیادہ ہے اور پھر حکومت کی ناقص منصوبہ بندی کی وجہ سے ایسے جو کارخانے بنائے گئے ہیں یا جو اہم بندرگاہیں ہیں جن میں زیادہ سے زیادہ لیبر کام کرتی ہے وہاں حکومت کی پہلے سے منصوبہ بندی نہ ہونے کی وجہ سے مزدور بے روزگاری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اگر پہلے سے ہی ملک میں بے روزگاری زیادہ ہو اور جو کام کرنے والے ہیں ان کو بھی بے روزگار کر دیا جائے تو اس سے معیشت کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ اگر ہماری بندرگاہیں اس وجہ سے فیل ہو جاتی ہیں تو یہ ہمارے ملک کے لئے عبرتناک اور لمحہ فکریہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت جو کام بھی کرے، یا کارخانے لگائے اس کی منصوبہ بندی پہلے سے ہی صحیح طریقہ سے ہو۔ ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ آگے جا کر وہ منصوبہ فیل ہو جائے۔ اس سے ملک کو نقصان پہنچتا ہے۔ اگر وہ صحیح منصوبہ بندی کرتے ہیں تو اس میں مزدوروں کی ملازمت کا تحفظ بھی ہونا چاہیے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس تحریک کو سینیٹ میں بحث کے لئے منظور کیا جانا چاہیے۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: جناب سردار صاحب۔

سردار فتح محمد ایم حسنی (وزیر مملکت برائے مواصلات) جناب چیئرمین! تحریک التوا میں جس ہڑتال کا حوالہ دیا گیا ہے وہ اب ختم ہو چکی ہے۔ لہٰذا تحریک بے سود ہے۔ یہ تنازعہ دو کارگو ہینڈلنگ کمپنیوں کی جانب سے مزدوروں کو ادائیگی نہ کرنے کے باعث پیدا ہوا جبکہ نئی کمپنیوں کا ٹینڈر کے ذریعے تقرر زیر تصفیہ تھا۔ کارگو ہینڈلنگ کمپنیوں کا دعویٰ تھا کہ پورٹ قاسم اتھارٹی کے ذمے ایک بھاری رقم واجب الادا تھی تاہم اتھارٹی کا خیال تھا کہ انہیں جو رقم ادا کرنی تھی وہ کمپنیوں پر عائد کئے گئے جرمانے کے برابر تھی اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے وفاقی حکومت نے مداخلت کی اور مسئلے کو حل کر لیا گیا ہے۔ معمول کا کام شروع ہو گیا ہے۔ اتفاق سے پریس میں جو اعداد و شمار شائع ہوئے ہیں وہ مبالغہ آمیز ہیں۔ جب جھگڑا چل رہا تھا تو چند جہازوں کو کراچی بندرگاہ کی جانب منتقل کر دیا گیا تھا چونکہ بولی دھندگان نے جس شرح کا وعدہ کیا ہے وہ اس سے دوگنی ہے جس پر موجودہ کارگو ہینڈلنگ کمپنیاں کام کر رہی ہیں۔ فیصلہ کیا گیا ہے کہ ٹینڈر کو وقتی طور پر ختم کر دیا جائے اور موجودہ کمپنیوں کو بحال رکھا جائے۔

جناب احمد میاں سومرو: جناب والا! ہم چاہتے ہیں کہ اس کو سینیٹ کی کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ آئندہ ایسی باتیں نہ ہوں۔

جناب چیئرمین: سوال کے دو پہلو ہیں۔

One is that as adjournment motion whether this is admissible or not. Here the facts are denied and the Minister is also saying that the Port is now open and it is operative. If this is the situation in that case the motion does not enjoy the urgency which will make it admissible as an adjournment motion. The other aspect is the general policy of how Port Qasim is operated or the general performance of Port Qasim should be discussed. If this is the wish then you have to bring a motion under Rule 187.

Mr. Ahmed Mián Soomro : Sir, it is not denied that the Port was not closed.

Mr. Chairman : No. But now the urgency is over. What is it that you are going to discuss if the Port is operative already? So, I think purely on technical grounds it will have to be ruled out but if you want to discuss the affairs of Port Qasim, please bring a motion under rule 187.

Next adjournment motion. Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel.

(iii) *Re:* TAKING OVER OF DODAK OIL FIELD

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ روزنامہ "جسارت" کراچی ۸ جنوری ۸۸ء میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ ڈیرہ غازی خان کے میرانی کوٹ عسرانی اور ڈھوڈک قبائل سے تعلق رکھنے والے تقریباً" ۸۰ قبائیلیوں نے ڈھوڈک آئل فیلڈ پر قبضہ کرلیا ہے اور آئل اینڈ گیس کارپوریشن کے ایک سو سے زائد کارکنوں اور آفیسران کو یرغمال بنا لیا ہے۔ اس اہم اور فوری اہمیت کے مسئلے کے پیشِ نظر اس ایوان میں زیر بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین: جہاں تک اس تحریک کا تعلق ہے متعلقہ وزیر چوہدری نثار علی خان صاحب نے درخواست بھیجی ہے کہ وہ بیمار ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ

> "Since he is not well, he will not be able to attend the session of the Senate on 31st January, 1988. It is requested that the above mentioned adjournment motion may not be taken up today and may be deferred to the next sitting of the Senate".

وہ درخواست کرتے ہیں کہ ان کی طبیعت چونکہ ناساز ہے تو آج وہ اس بحث میں بھی شرکت نہیں کر سکتے۔ وہ چاہتے ہیں کہ اس کو کسی اور تاریخ کے لئے مؤخر کیا جائے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: وہ یہ درخواست مجھ سے کر رہے ہیں یا آپ سے؟

جناب چیئرمین: ایوان سے کر رہے ہیں تو قدرتی طور پر چیئر کو ایڈریس کیا جاتا ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: ٹھیک ہے جی۔

جناب چیئرمین: اچھا۔ شکریہ! اس کے ساتھ ہی میرے خیال میں تحاریک التوا کا وقت بھی ختم ہو گیا ہے۔ جی۔ وسیم سجاد صاحب۔

THE CIVIL SERVICE [QUALIFICATION FOR APPOINTMENT AS HIGH COURT JUDGE] [AMENDMENT] BILL, 1988

Mr. Chairman : We take up legislative business. Item 2 on the Orders of the Day — consideration of the Bill further to amend the Civil Services (Qualification for Appointment as High Court Judge) Act, 1965. [The Civil Services (Qualification for Appointment as High Court Judge] (Amendment) Bill, 1988.

I think we were to commence the second reading of the Bill and I had requested that amendments, if any, we filed by Saturday (30th January, 1988) evening. So we take up clause by clause reading starting with Clause 2.

پروفیسر خورشید احمد: امینڈمینٹس سرکولیٹ ہونی چاہیئں، اس بل کے ساتھ تو جناب مجھے نظر نہیں آ رہی ہیں۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں بل کے ساتھ لگی ہوئی ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: یہ تو ابھی دی گئی ہیں۔

Mr. Javed Jabbar : The amendments were given yesterday, some of them . . . .

Mr. Chairman : Well, they can be circulated now.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Sir, if they are being circulated now, how do we have time to study it?

Mr. Chairman : I think, they are not such profound amendments that you can not go through. We can wait till you have digested and assimilated the amendments.

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین صاحب! مسئلہ بہت اہم ہے اور اگر آپ اس کو دو منٹ میں ڈائجسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اچھا نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: وہ آپ دیکھ لیں، وہ تو ترمیم کی نوعیت پر depend کرتا ہے کہ مسئلہ اہم ہے، گمبھیر ہے یا سادہ ہے۔

To the first amendment suggested to Clause 2 of the Bill which is under consideration was given notice of by Mr. Ahmed Mian Soomro and Mr. Javed Jabbar. I will read it out for you that :

> "in Clause 2 of the Bill as passed by the National Assembly. in paragraph (a) the words certain groups of' be deleted.

Mr. **Ahmed** Mian Soomro has given in writing that he does not want to move his amendment. Now, we are left only with Mr. Javed Jabbar.

Mr. Javed Jabbar : Yes Mr. Chairman, may I move my amendment?

Mr. Chairman : Yes please.

Mr. Javed Jabbar : Mr. Chairman, I move the amendment because I have already stated my views on the Bill in the first reading — the basic principles of the Bill. But I would like to reiterate the fact that while on the surface this Bill may appear to be rectifying a technical anomaly in its clause itself, it looks to me like a key-hole Bill. On the face of it, it looks like a key-hole nothing more than a small little peep into what is really something settled and unsurprising but when one looks through this key-hole one discovers that this is a Bill without consensus. Now, consensus is not essential because obviously Government and Opposition

[Mr. Javed Jabbar]

will always disagree but the strange thing Mr. Chairman, is that in this case the Bill does not appear to have a consensus even within the Government. It appears that while the honourable Federal Minister for Justice moves a Bill, gets it passed through the National Assembly, presents it to the Senate. Yesterday, while the Senate is still considering the Bill, we hear that the official who is no less than the Attorney General of Pakistan while presiding over a meeting of the Pakistan Bar Council comes out with the opinion that this Bill is against the interests of promoting and strengthening justice in this country.

So, therefore, one is entitled to ask, if you recall Mr. Chairman, in my first submissions in the first reading, I had said this very thing that before bringing a Bill which concerns any of the major institutions of this country, an attempt should be made to obtain some kind of consensus either outside of the House through informal soundings or inside the House. Now in this case, one is very curiously fascinated by the processes by which justice is administered in this country and by which legislation is formulated and presented. Because the Attorney General is an individual who represents a consultative status to the legislature of this country. He is often requested to appear in the Senate and the Assembly to give his opinion on matters which concern the Constitution. And here we have a case where two of the most senior people in Government appear to be in fundamental disagreement with each other. Therefore, this strengthens the argument that even if the National Assembly has passed the Bill and we appear to be obliged to pass it the Minister for Justice is requested to take note of what his own colleague has to say on this Bill or what all his colleagues appear to be saying, in all the Bar Associations of the country.

I request him to take the advice of the senior Judges of this country outside their chambers if he feels that that is appropriate and then to come back to us perhaps in the next session of the Senate with a reconsidered view as to whether it is essential to bulldoze this Bill through todaywhich is expected to be the last day of the Senate's present session and about the specific amendment itself Mr. Chairman – the amendment seeks to remove the discrimination between certain groups that constitute the all Pakistan Unified Grades and the reason is very simple, because one thinks that the 1973 administrative reforms were specifically designed to do away with this discrimination which had arisen

ince independence in 1947 and this Bill therefore, seeks to contradict omething that has already taken place and restore a position that revailed in the 1960's. Therefore, Mr. Chairman, one moves this amend- ient on two very substantive grounds :

One – that there is a fundamental disagreement at the highest chelon of governmental policy making on this very Bill. It is a moral ity of the Government to withdraw this Bill from the Senate to obtain ie support of the Attorney General and to obtain the support of all ie Bar Associations and the Bar Council on this Bill. Otherwise it would an insult not only to the judiciary and the legal system but to the gislature itself that purely because of matter of prestige or pride of ith, this Bill should be bulldozed through at this stage. Thank you.

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: جناب چیئرمین! میں جاوید جبار صاح
کی اس ترمیم کی تردید کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں، جناب والا! جیسا کہ میں نے اس
سے پہلے بھی اپنی گذارشات میں عرض کیا تھا کہ اس وقت یہ ایوان ایک بہت اہم مسئلے پر
غور کر رہا ہے معاملہ یہ نہیں ہے کہ ترمیم کے ذریعے سے صرف دو الفاظ کو بدلا جا رہا ہے
جیسا کہ ہمیں بتایا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ دو بڑے بنیادی اصول اس وقت at stake ہی
پہلا یہ کہ کیا اس ملک میں عدلیہ اور انتظامیہ کو الگ الگ ہونا ہے اور اگر یہ ہمارا دستوری فیص
ہے کہ اسے ہونا ہے تو پھر ہمارا ہر قدم اس سمت میں بڑھنا چاہیے جہاں ان کے درم
فرق واقع ہو، اور اگر کوئی قدم ایسا ہے کہ جس کے نتیجے کے طور پر عدلیہ اور انتظامیہ الگ ہ
کی بجائے اور زیادہ ایک دوسرے سے مل جاتے ہیں اس سے انتظامیہ کے اثرات زیادہ بڑ
کا امکان ہے۔ تو یہ دراصل دستور کے الفاظ نہ بھی، اس کی روح کے بھی اور قومی فیصلے کے بھی خ
ہوگا۔ یہ بڑا بنیادی اصول ہے، دوسری چیز یہ ہے کہ سول سروس کے بھی مختلف مدارج

[Prof. Khurshid Ahmed]

کے درمیان تفریق کی جائے، دستور یہ اصول پیش کرتا ہے کہ ہمیں مساوات کی طرف جانا ہے ڈسکریمینیشن کو زیادہ سے زیادہ ختم کرنا ہے لیکن اس ترمیم کے ذریعے سے discrimination کو ہم perpetuate کر رہے ہیں اور جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا تھا کہ سول سروس کی جو برہمن کلاس تھی ۱۹۷۳ کی اصلاحات کے بعد کچھ کمی اس میں آئی تھی لیکن اب پھر اس کلاس کو دوبارہ یہاں لایا جا رہا ہے۔

جناب والا! جس بات کی طرف جاوید جبار صاحب نے اشارہ کیا میں بھی آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ آج کے اخبارات میں بار کونسل کی جو قرارداد آئی ہے اسے ہرگز نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، یہ بار کونسل کا..... اس سے پہلے لاہور بار کونسل کا، راولپنڈی، ملتان، فیصل آباد اور اب آل پاکستان بار کونسل جس کا اجلاس کل علی احمد فضیل اٹارنی جنرل آف پاکستان کی صدارت میں ہوا ہے اور جس کی ریکومنڈیشن یہ ہے۔

Mr. Wasim Sajjad : Sir, I reiterate all the arguments which I have given and as they are requesting me and praying that I should not press it I would request them and pray to them that please guide the nation correctly. Don't give the impression that something revolutionary is being done. Please understand that what we are trying to do is to make a simple correction in the law. Please, understand that this Constitution in accordance with which we are acting is a unanimously accepted Constitution and this provides for the method of appointment. Please understand that the judiciary is not being touched. Please understand that the method of appointment is not being changed. Please understand that we are following the traditions of the last 150 years. Please understand we are not doing anything new. I pray to them to please correctly guide the nation and don't create confusion by making speeches by which people will probaly feel that something new is being done. This is a simple correction, a technical correction in the lasw necessitated by the fact that the law says, and 'Civil Service of Pakistan' no longer exists and in a routine review of these laws we felt that we must make that correction because it has bcome a redundant law. As far as the actual appointment is concerned, the actual appointment means that the highest in the judiciary will be involved in this and the people who deserve it, only they will go into it and I do not see any prospect of this happening at least for the next five ten years because there is nobody so far coming over to this side. So, please correctly guide the nation on this point.

Mr. Javed Jabbar : Point of order, Mr. Chairman. The Minister suggests that we may inadvertantly or deliberately be misguiding the nation. This point must be stated very clearly. We are willing to be persuaded, Mr. Chairman, if the Minister for Justice persuades his own sector which is the legal fraternity and is able to convince his own Attorney-General, we are willing to be persuaded.

[Mr. Javed Jabbar]

Secondly, Mr. Chairman, we are responding to his remarks because we are addressing this request for review to a Government that has withdrawn its own well prepared annual budget. If a Government can withdraw its own budget without resigning and get the second budget passed, what are we asking for? We are saying, "this is just a technical Bill," according to the words of the Minister himself, "and the earth would not be shaken", according to his own interpretation. So, if the budget did not manage to shake this Government why should a Bill manage to delay in any way the administration of justice which, according to him, is being conducted most efficiently.

Mr. Chairman : Thank you. I think every member is entitled to his point of view. I think he has made an appeal to you. If you do not agree, you are entitled to your views. That is the end of the story. That is sufficient.

Yes. Prof. Khurshid Ahmed.

پروفیسر خورشید احمد: اگر آپ اجازت دیں تو ان کی اپیل کے response میں ایک بات میں بھی عرض کر دوں؟

جناب چیئرمین: جی فرمائیے۔

پروفیسر خورشید احمد: اور وہ یہ ہے کہ جس چیز کو محترم وزیر عدل اس انداز میں پیش کر رہے ہیں کہ یہ ایک oversight تھی۔ ۱۹۷۳ کا دستور ایک متفقہ دستور ہے وہ اب اس کو implement کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ میں ان سے درخواست کرونگا کہ وہ اس پر ایک دوسرے پہلو سے غور کریں اور وہ یہ ہے کہ جب ۱۹۷۳ کا دستور بنا تو اسی کے بنانے والوں نے جان بوجھ کر، ۱۹۶۵ کے اس قانون میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔ اس لئے کہ دستور میں انہوں نے یہ بات رکھی تھی کہ عدلیہ اور انتظامیہ کو الگ الگ کرتا ہے اور پانچ سال کے اندر اندر کر دیتا ہے، یہی وجہ ہے کہ اس پارلیمنٹ نے کوئی تبدیلی اس قانون میں نہیں کی تاکہ ۱۹۶۵ کا وہ قانون آپ سے آپ redundant

ہو جائے گا اور وہ redundant ہو گیا اور ۱۵ سال سے وہ مردہ پڑا ہوا تھا، انہوں نے اس مردہ میں دوبارہ جان ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ حالانکہ ان کے لیے موافق چیز یہ تھی کہ اس مردہ کی وہ تجہیز و تکفین کر دیتے تاکہ عزت کے ساتھ وہ قبر میں چلا جاتا۔ تو یہ تھا

intent of the law makers and the intent of the legislature

ں پر ۱۵ سال سے ہم چل رہے ہیں، آپ اس سے deviate کر رہے ہیں۔ خدا را deviate نہ کریں اور جو بات ہم آپ سے کہہ رہے ہیں وہ پورے خلوص سے کہہ رہے ہیں یہ آپ نہ سمجھیں کہ محض حکومت کی مخالفت ہمارے پیشِ نظر ہے۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ عدلیہ اور انتظامیہ الگ الگ ہوں اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ عدلیہ میں انتظامیہ سے لوگ نہ آئیں اس میں اس ملک کی خیر ہے اور اسی وجہ سے ہم یہ بات کہہ رہے ہیں۔ میں جو بات کہہ رہا ہوں وہ دراصل اس بنا پر کہہ رہا ہوں کہ ۱۹۷۳ میں آئین کا implemention ہوا تھا، یہی وجہ تھی کہ انہوں نے ۱۹۶۵ کے آئین کو ٹچ نہیں کیا اور اس طرح اسے اپنی موت آپ مرنے دیا۔ اب آپ اسے نئی زندگی نہ دیں

Mr. Chairman : I think the House has run out of arguments and the honourable Members are repeating themselves. I better put the question. The question is :

> "That the Bill further to amend the Civil Services (Qualification for Appointment as High Court Judge) Act, 1965 [The Civil Services (Qualification for Appointment as High Court Judge) (Amendment) Bill, 1988], be passed."

Mr. Javed Jabbar : Division

Prof. Khurshid Ahmed : Division.

Mr. Chairman : All right.

[Vote was taken by division; Ayes 24, Noes 5]

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : 24 against 5. So the Bill is passed.

Now take up the next item.

Aheer Sahib, can you wait so that we finish the Rules first and then take up the discussion on the adjournment motion?

Interruption

Malik Nasim Ahmad Aheer : Sir, I would request if we could proceed with the debate on the adjournment motion. I would request the honourable Members to kindly allow me to wind up the debate because it has been hanging on and now I think the attention has also been diverted from the internal affairs of the country to the internal affairs of the Senate. So, if you kindly allow me to wind up, Sir, I would be grateful.

Mr. Chairman : I would request that we listen to the honourable Minister for Interior and he may wind up the debate. I do not say that Members are not entitled and they would not be able to make further contribution to the discussion that has been going on for the last two or three days but I think, in view of the shortage of time I would request that the honourable Minister winds up and those Members who are still there on the list may please forego their right to speak on this subject.

Lt. Gen. (Retd) Saeed Qadir : May I request to the honourable Minister that the Rules are very very important and if the winding up of the Minister may be reduced slightly in time we would appreciate it because we know the internal situation. So, you can wind up quickly.

Malik Nasim Ahmed Aheer : I will be very brief, Sir.

میں جناب آپ کا انتہائی ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اظہارِ خیال کا موقع دیا۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ اندرونی صورت پر ایک ایڈجرنمنٹ موشن تھی جسے آپ نے میری پیش کردہ اندرونی صورت حال پر بحث کی تحریک میں مدغم کر دیا۔ اس سلسلے میں، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میری یہ بڑی خوش قسمتی ہے کہ موجودہ سینیٹ، جس کا تقریباً یہ آخری اجلاس ہے، اتفاق سے اس دن میں تقریر کے لئے کھڑا ہوا ہوں۔ اس دن کے بعد میرے اہم بھائی اور ساتھی، جن کی رہنمائی اس ایوان کو حاصل رہی، وہ ریٹائر ہو رہے ہیں اور مجھے امید ہے کہ وہ دوبارہ بھی اس ایوان میں نمائندگی کے لئے جگہ پائیں گے اور اپنا وہ تاریخی کردار جو وہ ادا کرتے رہے ہیں، ادا کریں گے۔ میں اپنی خوش قسمتی سمجھتا ہوں کہ ان کی آراء جو مختلف اوقات میں میرے سامنے آئیں اور خاص طور پر اندرونی صورت حال پر بحث کرتے وقت میرے سامنے آئیں، وہ میرے لئے مشعل راہ ثابت ہوں گی، انہوں نے جو انتہائی مدلل، فکر انگیز اور مثبت باتیں کہی ہیں۔ ان سے مجھے بہت رہنمائی ملی ہے۔

جناب والا! ان کا اپنا نقطہ نظر ہے، حکومت کا بھی ایک اپنا نقطہ نظر ہے ان میں کچھ پہلو ایسے ہیں جو شاید میرے بھائیوں سے پوشیدہ رہ گئے ہوں۔ یا جو پہلو انہوں نے ارشاد فرمائے ہیں ان کے سلسلے میں بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ پہلی بات جو اس ملک کے بارے میں کہی گئی تھی، وہ یہ کہی گئی کہ اس ملک میں امن عامہ کی صورت حال انتہائی ناگفتہ بہ ہے۔ "لفظ" ناگفتہ بہ "تک کا استعمال کیا گیا اور یہاں تک بھی کہا گیا کہ اب جب لوگ بازاروں میں جاتے ہیں تو انہیں اس بات کا بھی یقین نہیں ہوتا کہ وہ زندہ بھی واپس جائیں گے یا نہیں۔ جناب والا! میرا خیال ہے کہ یہ بات کچھ زیب داستان

[Malik Nasim Ahmed Aheer]

کے لیئے بڑھا چڑھا کر بیان کی گئی ہے۔ آپ جب بھی کسی چیز کا مقابلہ کرتے ہیں، تو اس کا مقابلہ اردگرد کے ممالک سے، ماحول سے کرنا چاہیئے۔ اس وقت دنیا ایک ٹرانسفارمیشن سے گزر رہی ہے۔ اگر اس طرح سے مقابلہ کیا جائے تو پاکستان آپ کو امن و آشتی کا ایک گہوارہ نظر آئے گا۔

جناب والا! میں کوئی زیادہ دور نہیں جاؤں گا لیکن آپ کے اردگرد کے ممالک کی چند مثالیں پیش کروں گا۔ ہندوستان جو ہمارا ایک بہت بڑا پڑوسی ملک ہے جہاں میرا خیال ہے کہ چالیس برس میں ایک مرتبہ بھی مارشل لا نہیں لگا اور جمہوریت جو ہے وہ نہایت خوبصورت طریقے سے چل رہی ہے۔ لیکن اس ملک میں صرف اپنے پڑوس کے ایک صوبے کی صورت حال کو دیکھ لیں، آپ اخبار اٹھا کر دیکھ لیں، کسی دن بی بی سی کوشش کر دیکھ لیں، اپنے ریڈیو کوشش کر دیکھ لیں، ہندوستان کا ریڈیوشن کر دیکھ لیں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ کتنی تعداد میں لوگ ایک خاص ایجی ٹیشن کی خاطر، ایک خاص مقصد کی خاطر، وہاں قتل کئے جا رہے ہیں اور حکومت تقریباً ان کے سامنے بے بس نظر آتی ہے۔

جہاں تک ہمارے ملک کا تعلق ہے ہمیں اس وقت بم بلاسٹ کا جو بڑا مسئلہ درپیش ہے۔ اس سلسلے میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارے ملک میں امن و امان کی صورت حال کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ایک تو وہ عوامل ہیں جو ہماری قوت سے باہر ہیں، جو ہمارے ملک کی حدود سے باہر ہیں، ہمارے ملک میں کوئی پولیٹیکل ایجی ٹیشن نہیں چل رہی ہے۔ ہمیں اس قسم کی صورت حال کا سامنا نہیں ہے، جیسے ایسٹ پنجاب میں ہندوستان کی حکومت کو ماتری پورہ میں، یا تامل ناڈو میں درپیش ہے یا سری لنکا میں حالات ہیں۔ political objectives کے ساتھ وہاں کے لوگ اپنی ہی حکومت کے خلاف برسر پیکار ہیں۔ لیکن پاکستان کے اندر ایک بالکل مختلف صورت حال پائی جاتی ہے۔ پاکستان کے اندر جو بم بلاسٹ کی صورت حال ہے، اس کے پیدا ہونے میں جو عوامل

کار فرما ہیں، میرا خیال ہے کہ اس سے یہ ایوان، یہ ملک، اور تقریباً تمام دنیا واقف ہے۔ اس سلسلے میں عرض ہے کہ ہمارے پڑوس میں ایک اسلامی اور غیر جانب دار ملک ہے جو صدیوں سے خود مختار اور آزاد ہے۔ جس پر اگر کسی نے قبضہ کرنے کی کوشش کی بھی تو ہمارے غیور افغان بھائیوں نے اس کوشش کو کامیاب نہ ہونے دیا۔ اور 1978ء میں جب یہ روسی فوجیں اس میں داخل ہوئیں تو اس وقت افغان غیور عوام نے ان کی مزاحمت کی اور انہوں نے وہاں اپنی آزادی اور مختاری کے لئے جنگ کا آغاز کیا۔ روسی فوجیں وہاں پہنچیں جو یقیناً پاکستان کی دعوت پر وہاں نہیں آئیں اپنے کسی مقاصد کے تحت آئیں جب انہوں نے وہاں قبضہ کیا تو وہاں کے غیور اور باعزت افغان مجاہدین نے انکی مزاحمت کی اس کے نتیجے میں پاکستان کو بھی ایک ایسی صورت حال سے دوچار ہونا پڑا کہ وہاں سے تقریباً ۳۰ لاکھ افغان مہاجرین پاکستان میں پناہ لینے پر مجبور ہو گئے اور اسی طرح ایران میں بھی انہوں نے پناہ لی۔ اب پاکستان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ہم نے امریکیوں کی یہ پالیسی اپنائی، امریکی مفاد کے تحت ہم نے افغانوں کی امداد کی۔ امریکیوں کا اس سے کیا تعلق ہو سکتا ہے؟ تعلق تو ہمارا تھا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ اگر ہم کسی سپر پاور کے اس حق کو تسلیم کر لیں کہ وہ کسی ملک کے اندر اپنی طاقت کے بل بوتے پر گھس جائے اور اپنی مرضی کی حکومت قائم کر لے تو دنیا میں کہیں بھی امن قائم نہیں ہو سکتا اور اس طریقے سے جو چھوٹے اور کمزور ممالک ہیں ان کی آزادی اور خود مختاری کی کہیں بھی ضمانت مل نہیں سکتی چونکہ یہ حق تو ہم اپنی فوج کو بھی دینے کے لئے تیار نہیں ہیں کہ وہ اپنی مرضی کی حکومت قائم کرے لیکن ہم اس بات کو کیسے تسلیم کر لیں کہ دوسرے ممالک کی فوجیں کسی دوسرے چھوٹے ملک میں داخل ہو کر اپنی مرضی کی حکومت قائم کریں۔ تو جناب بنیادی جھگڑا یہ تھا۔

مجھے افسوس ہے جناب کہ تخریب کاری دو طریقے سے ہو رہی ہے ایک تخریب کاری وہ ہے جس کے خلاف اب پاکستان نے ایک اصولی اسٹینڈ لیا جسکو تمام دنیا نے

[Malik Nasim Ahmed Aheer]

سراہا۔ اس سال بھی یونائیٹڈ نیشنز میں ۱۲۳ ممالک نے پاکستان کے اس منصفانہ موقف کی حمایت کی اور اسکے بدلے میں پاکستان کو اور اسکے عوام کو نہتے اور معصوم و بے قصور عوام کو، بچوں اور عورتوں کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا، کبھی بوری بازار میں بم پھینکے گئے کبھی راجہ بازار اور مینگورہ بس سٹینڈ پر بم پھینکے گئے۔ میں خود اپنی آنکھوں سے دیکھ کر آیا ہوں، کیا قصور ہے ان لوگوں کا، ان مظلوم بچوں کا کیا قصور ہے جنہیں اپنے ناپاک عزائم کی خاطر بم بلاسٹ کا نشانہ بنا رہے ہیں یہ دکھ کی بات ہے۔ لیکن مجھے افسوس اس بات کا ہے کہ جو لوگ پاکستان کی اس خارجہ پالیسی پر نکتہ چینی کرتے ہیں اپنی فوج پر نکتہ چینی تو کرتے ہیں۔ لیکن ان کی زبان سے کبھی ایک لفظ تک اُن روسی فوجوں کے خلاف جو دوسرے ملک پر چڑھ دوڑی ہے نہیں نکلا، میں ان کو ان سے زیادہ تخریب کار کہتا ہوں۔ جو ملک میں مایوسی پھیلانے کا سبب بن رہے ہیں کہاں ۱۰ لاکھ افغان مجاہدین، بچوں، بوڑھوں اور عورتوں، مظلوموں کو شہید کر دیا گیا۔ لیکن ایک لفظ تک ان کے لئے ان کے منہ سے نہیں نکلتا۔ لیکن پاکستان کے اندر بم بلاسٹ ہوتے ہیں یہ ہمارے بھائی پاکستان کی آزادی اور مختاری کے لئے کیا مدد کر رہے ہیں ان لوگوں کا پاکستان کے موجودہ عوام قرض نہیں اتار سکتے جنہوں نے پاکستان کی آزادی اور مختاری کے لئے قربانیاں دی تھیں جن کے بدلے آج پاکستان ایک آزاد اور خود مختار ملک بنا ہوا ہے، اسی طرح ہمارے یہ بچے، مائیں، بہنیں اور یہ ہمارے نوجوان شہادت کا درجہ حاصل کر رہے ہیں۔ آئندہ پاکستانی نسلوں پر ان کا قرضہ رہے گا۔ مجھے یہ خوشی ہے کہ افغان عوام کے جذبۂ جہاد و حریت نے آج روسی افواج کو وہاں سے نکلنے پر مجبور کر دیا ہے۔ ہمارا روس سے قطعاً کوئی اختلاف نہیں ہے۔ ہمارا اصولوں پہ اختلاف تھا۔ روس آج وہاں سے نکل جائے ہم اس سے ہر قسم کے تعلقات بڑھانے کو تیار ہیں۔

پہلی بات یہ ہے کہ جو تخریب کاری آج یہاں کے اندر ہو رہی ہے وہ پاکستان کو کس بات کی سزا دی جا رہی ہے کیا پاکستان اصولی طور پر غلط ہے

دوسری بات جو میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے جناب! کہ ملک میں جو regionalism ہے علاقائیت ہے یہ مارشل لاء کا تحفہ ہے۔ جناب میں کبھی نہ مارشل لاء کا حامی رہا ہوں نہ انشاء اللہ کبھی ہوں گا۔ لیکن حقائق کو بیان کرنا بھی ایک ضروری بات ہے۔ جناب! پاکستان کے اندر یہ جو کہا جاتا ہے، علاقائیت اس وقت دنیا کے تمام حصے میں ایک نیا phenomena بڑھ رہا ہے۔ کمیونیکیشن کا جو انقلاب آیا ہے اس نے لوگوں کی توقعات میں بے پناہ اضافہ کر دیا۔ اب جو ٹی وی کی اور ریڈیو کی سیٹلائٹس ہیں وہ ہماری جغرافیائی حدود پر رک نہیں جاتیں waves length۔ اب ہندوستان میں گذشتہ چالیس سال سے جمہوریت ہے وہاں ایسٹ پنجاب میں کس بات پر علیحدگی کا باقاعدہ مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ سری لنکا میں کون ہے وہاں تو کسی نے مارشل لاء نہیں لگایا۔ اور جمہوریت نے جہاں سے جنم لیا ہے یعنی انگلینڈ وہاں آئے دن کس بات پر لڑائی ہو رہی ہے۔ تو یہ مرکز گریز رجحانات ہیں یہ صرف مارشل لاء کی پیداوار نہیں ہیں۔ جو لوگ عوام کو گمراہ کرتے ہیں ان کو ایک بہانہ چاہیے۔ کبھی پاکستان فوج کو پنجابی فوج کہا جاتا ہے۔ جناب والا! میں پنجاب فوج کی حقیقت آج آپ کے سامنے بیان کرنا چاہتا ہوں یہ علاقہ وہ ہے جب برصغیر ایک ملک تھا تو اس وقت بھی فوج اس علاقے سے بھرتی کی جاتی تھی۔ اب اگر دیکھیں تو کتنے پرسنٹ لوگ ہیں جو بہاولپور ڈویژن سے تعلق رکھتے ہیں۔ کتنے پرسنٹ لوگ ہیں جو ملتان ڈویژن سے تعلق رکھتے ہیں، کتنے پرسنٹ لوگ ہیں جو فیصل آباد ڈویژن سے تعلق رکھتے ہیں، کتنے پرسنٹ لوگ ہیں جو لاہور ڈویژن سے تعلق رکھتے ہیں، کتنے پرسنٹ لوگ ہیں جو گوجرانوالہ ڈویژن سے تعلق رکھتے ہیں۔ پاکستان کے اندر جو پنجاب نے پانچ سات فور سٹارز جنرل پیدا کئے میں آج ان کے آپ کو نام گنوا دیتا ہوں، جناب جنرل ٹکا خان، انکا تعلق پنڈی ڈویژن سے ہے۔ جناب

[Malik Nasim Ahmed Aheer]

جنرل شریف صاحب انکا تعلق بھی اسی پنڈی ڈویژن سے ہے، جناب جنرل سوار خان، ان کا تعلق بھی پنڈی ڈویژن سے ہے، جناب جنرل اقبال خان، ان کا تعلق اسی پنڈی ڈویژن سے ہے اب بات یہ کہنا کہ پنجاب کی فوج ہے، وہ پنجاب کی نہیں ہے وہ ملک کی فوج ہے جب رن کچھ میں لڑائی ہوتی ہے تو یہی جیالے وہاں جاکر جان دیتے ہیں آج سیاچین پر جب لڑ رہے ہیں تو یہی جیالے جان دے رہے ہیں ان کو کسی علاقے سے منسوب کرنا انتہائی زیادتی ہے۔ یہ پاکستان کا دفاع افغانستان کی سرحدوں پر بھی کرتے ہیں، رن کچھ میں بھی کرتے ہیں، پنجاب اور کشمیر کی سرحدوں پر بھی کرتے ہیں اور ان کو یہ کہنا کہ پنجاب کی فوج مسلط ہے یہ صریحاً ناانصافی ہے۔ کچھ علاقوں کی تعداد زیادہ ضرور ہے لیکن اب ہم جیسے جیسے آگے بڑھ رہے ہیں تو ہم نے سندھ، بلوچستان اور سرحد میں کیڈٹ کالج تمام کئے۔ اب فوج میں جو نئی پود داخل ہو رہی ہے انکا آپ اندازہ لگائیں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ اس کے اندر جو نئی نمائندگی آرہی ہے جو بالکل مختلف آرہی ہے اور تمام صوبوں سے لوگ بھاری تعداد میں شرکت کر رہے ہیں۔ تو یہ میرے خیال میں صریحاً بدنام کرنے کی ہمارے دشمنوں کی ایک منظم سازش ہے۔ اور میں فوج کے اس حق کو کبھی تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہوں کہ وہ ملک کے اندرونی معاملات میں کبھی مداخلت کرے۔ فوج ایک قومی ادارہ ہے اس کو قوم کی تائید اور حمایت بھی حاصل ہے اور وہ لوگ جو پاکستان کے عوام کو فوج کے خلاف اکساتے ہیں ان کو میں کبھی اس ملک کا بہی خواہ تسلیم نہیں کر سکتا۔

جناب والا! میں اس سے آگے یہ گزارش کرونگا کہ ہماری ایک جماعت جس کو کسی زمانے میں اس ملک میں مارشل لاء کی بی ٹیم کہا جاتا تھا وہ اس وقت موجود ہے اتفاق سے آج صبح میری ان کے امیر سے ملاقات ہوئی تو میں نے کہا کہ میں بہت خوش ہوں کہ آج آپ یہاں موجود ہیں۔ جناب جب جنرل ضیاء الحق کی مکمل وردی تھی تو اس وقت تو کوئی اعتراض نہیں

تھا اور اس وقت تو مارشل لاء کے تحت وزارتیں بھی قبول کریں ۔ لیکن جب انکی وردی تبدیل کی پوری طرح قابو میں آچکی ہے تو پھر اب ان کو اعتراض ہے پھر ہمیں یعنی مسلم لیگ کو مارشل لاء کا طعنہ دیا جاتا ہے کہ ہم وردی کو برداشت کئے ہوئے ہیں ۔ وردی کے ساتھ اس ملک کے عوام اور خاص طور پر آپ لوگ تعاون نہ کرتے تو شاید مارشل لاء اتنا طوالت نہ پکڑتا ۔ آپ نے ان کا ساتھ دیا اور مارشل لاء اس ملک پر مسلط رہا ۔ مارشل لاء کے تحت آپ نے وزارتیں قبول کیں ۔ جو کسی سیاسی آدمی اور سیاسی جماعت لیے بڑی افسوسناک بات ہے لیکن آج جب ہم اس ملک کو جمہوریت کے صحیح راستے پر چلا رہے ہیں اور تین سال خدا کے فضل و کرم سے گزر گئے ، لوکل کونسل الیکشن آرام سے کروا دیئے ۔ سینیٹ میں بھی آپ نے دیکھا کہ کسی قسم کی کوئی دھاندلی نہیں ہوئی ہم آگے بڑھ رہے ہیں ۔ تو اس قسم کی صورتحال پیدا کرنا کہ پھر ایسے حالات پیدا ہو جائیں مجھے اس کا افسوس ہے ۔

جناب چیئرمین ! آپ اور مولانا کوثر نیازی کی موجودگی میں آپ مجھے یہ طعنہ نہ دیجئے گا کہ میں شعر غلط پڑھ رہا ہوں میں نے صرف دو الفاظ اس میں بدلے ہیں اور اس سے میرے خیال میں کافی جذبات کی ترجمانی ہو سکے گی کہ :

ہیں آج کیوں مجرم کہ کل تک نہ تھی پسند
گستاخیٔ فرشتہ جن کی جناب میں

تو کل تک تو سب بات ٹھیک تھی ۔ فرشتے بھی اگر ان کی جناب میں گستاخی کرتے تو وہ ناقابل قبول تھی آج سارے گناہ ان کی جھولی میں ڈال دیئے جاتے ہیں مجھے اس بات کا افسوس ہے میں کہتا ہوں کہ دو چیزوں کے لئے جنرل ضیاء الحق سے میرا ڈٹ کر اختلاف رہا ہے ۔ میں نے کبھی ان کے ساتھ ہاتھ نہیں ملایا جب تک وہ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر رہے ۔ میں نے ان کے دور میں ڈیڑھ سال تک جیل کاٹی ہے لیکن دو باتوں کے لئے میں ان کو سلام کروں گا ۔ ایک یہ کہ انہوں نے افغانستان کے مسئلے پر پاکستان کے صحیح موقف اور جذبات کی

[Malik Nasim Ahmed Aheer]

ترجمانی کی، دوسرے یہ کہ انہوں نے رضاکارانہ طور پر اس ملک کو جمہوریت کا عمل دیا اور میں تحسین پیش کرتا ہوں وزیراعظم محمد خان جونیجو کو کہ اکثر میں نے دیکھا ہے کہ ہمارے جو سیاستدان ہیں وہ آگے چلتے ہیں یا دم لا دُم کٹوا بیٹھتے ہیں یا جمہوریت کی دم کٹوا بیٹھتے ہیں۔ اس نے جمہوریت کو بحال رکھا اور اس خوب صورت انداز سے کہ اب خدا کے فضل سے اس ملک میں جمہوریت بڑے خوبصورت انداز سے چل رہی ہے۔

ملک کے اندر امن عامہ کی صورت حال ایسی نہیں ہے کہ جس کے لئے سر پر یوں ہاتھ رکھا جائے۔ میں اس کو تسلی بخش کہنے کے لئے تیار نہیں ہوں اس میں خامیاں ہیں اس میں امپرومنٹ کی ضرورت ہے لیکن جناب چیئرمین! اگر آپ اسے غور سے دیکھیں تو خدا کے فضل سے دس سال میں پہلی دفعہ اس ملک کا محرم امن و امان سے گزر گیا ہے۔ جناب ورلڈ کپ پر بی بی سی کا تبصرہ ہو رہا تھا کہ پاکستان میں موجودہ صورت حال میں ورلڈ کپ کا کروانا خطرناک ہوگا لیکن خدا کے فضل و کرم سے لاکھوں کا مجمع ہوا اور آرام سے یہ مرحلہ بھی گزر گیا۔ جناب چیئرمین! لوکل کونسل کے الیکشن میرا خیال ہے کہ آپ سے بہتر کون جانتا ہے کہ پچھلے الیکشن میں کتنے قتل ہوئے تھے کتنے لوگ مارے گئے تھے اور اس موجودہ الیکشن میں اس قسم کا کوئی تشدد نہیں ہوا۔ ابھی جناب ہمارے ملک میں ایک بہت بڑا واقعہ ہوا تھا جناب عبدالغفار خان کا انتقال۔ ان کے جنازے میں جناب راجیو گاندھی بھارت سے تشریف لائے اور انہوں نے ایک گھنٹے کے نوٹس پر یہاں شرکت کی۔ خدا کے فضل و کرم سے وہ بخیریت واپس پہنچ گئے۔ حالانکہ ان کے اپنے ملک میں حالت یہ ہے کہ دہلی میں اپنے یوم جمہوریہ میں بھی وہ بلٹ پروف کیبن میں بیٹھ کر نظارہ کر سکتے ہیں، کھل کر سامنے نہیں آ سکتے۔ لیکن پاکستان میں وہ کھلے بندوں آئے۔ وہاں آپ بھی تھے میں بھی تھا صدر محترم بھی تھے اور جس انداز سے آپ اور ہم سب اس اجتماع میں گھسے ہوئے تھے وہ قابل دید تھا یہ مرحلہ بڑے آرام سے گزر گیا اور اس کے برعکس دیکھئے کہ جنازہ طورخم بارڈر، جلال آباد تک پر امن جاتا ہے، جب

جنازہ افغانستان کے اندر پہنچتا ہے تو گن شپ ہیلی کاپٹر اوپر پہرا رہے تھے۔ یوں لگ رہا تھا کہ افغانستان پوری طرح محاصرے میں ہے۔ لیکن وہاں بھی اتنی سخت سیکورٹی کے باوجود وہ تحفظ نہ کر سکے اور میں آپ سے یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اس میں پاکستان کا قطعاً کوئی ہاتھ نہیں تھا جہاں تک لاء اینڈ آرڈر کی بات ہے یا ڈکیتیاں ہیں چوریاں ہیں اغوا میں ڈاکہ زنی کی وارداتیں ہیں، میرے نزدیک اس قسم کے جرائم میں اضافہ ہوا ہے اور اس کی وجہ جناب جاوید جبار صاحب نے ٹھیک طور پر کہی کہ ہم نے صحیح منصوبہ بندی نہیں کی تھی۔ ہم نے اپنی پولیس فورس کو اس قابل بنایا ہی نہیں تھا کہ وہ موجودہ چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہو۔ لیکن خدا کے فضل و کرم سے ہم نے اس معاملے میں بڑے مثبت اقدام کرنے کے فیصلے کئے ہیں۔ اور انشاء اللہ ہم مستقبل کے لئے پلاننگ کر رہے ہیں اور یہی کسی حکومت کا کام ہوتا ہے کہ جب وہ اقتدار سے جائے تو وہ آنے والوں کے لئے مسائل چھوڑ کر نہ جائے بلکہ ان کے لئے بہتری کا سامان کر کے جائے۔ آج جو کام ہم انشاء اللہ کریں گے آئندہ کی نسلیں، آئندہ کا پاکستان اس سے مستفید ہوگا۔

چونکہ یہاں معاملات بنیادی نوعیت کے اٹھائے گئے تھے۔ معیار بحث کا بہت عمدہ تھا اس لئے میں نے تفصیل سے نہیں بتایا کہ ہم نے اتنے ڈاکو پکڑے ہم نے اتنے قاتل پکڑے ہم نے اتنے تخریب کار پکڑے اور ہم نے اتنا اسلحہ برآمد کیا، اس قسم کی رپورٹ دینا میں نے مناسب نہیں سمجھا۔ یہ فیکٹس اینڈ فگرز ظاہر ہوتے رہتے ہیں۔ میں جناب آخر میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں لیکن شکریہ ادا کرنے سے پہلے میں جناب پروفیسر صاحب کی طرف سے اٹھائے جانے والے مسئلے کا جواب دینا چاہتا ہوں کہ میں نے کہیں اس بارے میں بیان دیا تھا، میں سب کچھ اپنے ساتھ لایا ہوں۔ اس سے آپ کو اندازہ خود بخود ہو جائے گا کہ میں نے کیا کہا تھا اور اسے کس طریقے سے پراجیکٹ کیا گیا۔ جناب پرل کانٹی نینٹل میں ایک مذاکرہ ہوا تھا جس کا

[Malik Nasim Ahmed Aheer]

عنوان تھا شہری اور تعاون ۔ اور اس میں انہوں نے مجھے بطور چیف گیسٹ کے وہاں بلایا تھا
جب وہ ختم ہوا اور ہم چائے کے لئے اکٹھے ہوئے تو کچھ اخباری نمائندوں نے مجھ سے باتیں کیں۔
انہوں نے پوچھا کہ

Why have not you been able to eliminate the sources of terrorism.

I said because they are across the border.

لیکن میں نے ان کے ساتھ اور بہت سی باتیں کیں ۔ اب اس میں جو بڑا جملہ ہے ۔

Aheer confesses Government failure to curb subversion.

یہ تو جناب daily 'Nation' کی وہ خبر ہے اور اس کے علاوہ نوائے وقت میں یہ خبر شائع ہوئی کہ
عوام بموں کے دھماکوں سے خوفزدہ نہیں ہوں گے ۔ اس کے ساتھ ساتھ جنگ میں بھی خبر
شائع ہوئی کہ افغان مسئلے کے حل کے بعد مہاجرین کو واپس جانا ہوگا۔ تین سے زیادہ
تخریب کار گرفتار کر لئے گئے ۔ یہ اسی کے حوالے سے ہے ۲ تاریخ کو "نوائے وقت" اور "نیشن"
میں ایک اداریہ نکلا اور اسی دن میں نے جناب مجید نظامی کو ذاتی چٹھی لکھی اس کا تھوڑا سا
حصہ اس وقت میں ایوان میں پڑھ دیتا ہوں ۔ اس سے آپکو اندازہ ہو جائے گا کہ میں نے اس
کی فوری تردید کی ۔

My dear Nizami Sahib,

I am rather amazed at the inference drawn by you from my chat with the newsmen after conclusion of the Seminar organized by the Rawalpindi High Court Bar Association on the 31st December, 1987. Nowhere did I say—we are helpless in the terrorism. In reply to a question why we have not been able to eliminate the sources of terrorism, I said these are across the border. To concludeour helplessness on the abrupt reply is not realistic. We have determinedly fought against this State sponsored terrorism with political objectives and we have not given in and will never. But we should not forget that this is an undeclared war and we cannot escape the wounds.

تو یہ جناب میں نے ان کو چٹھی لکھی تھی ۔ اس لیے شاید مولانا بھی صبح ناراض ہو گئے ہونگے اخبارات میں جو کچھ آتا ہے ان کا اپنا ایک زاویہ ہوتا ہے ۔ اس حساب سے میں نے آپ کو عرض کیا کہ میں نے کسی سٹیج پر یہ نہیں کہا اور کبھی کہنے کو تیار نہیں ہوں ، پاکستان کے دس کروڑ عوام ، ایک ایک بچہ اپنی آزادی اور خود مختاری کے لئے جان دینے کو تیار ہے ۔ اور کسی کے سامنے نہ ہم نے ہتھیار ڈالے ہیں اور نہ انشاء اللہ ڈالیں گے ۔ تو میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جناب چیئرمین ! آپ نے مجھے وقت دیا اور میں نے ممبر حضرات کو اس بارے میں حکومت کی سوچ سے آگاہ کیا ۔ میں آپ کا پھر شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

DRAFT RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS

Mr. Chairman : Thanks. We take up the last item for today and that is further consideration of the draft Rules of Proceudre and Conduct of Business in the Senate, 1986. I think, the rules were for all practical purposes finalized except for two–one was Rule 56(a) pertaining to 'call attention notices' and the other was with regard to Rule 137 regarding which certain amendments have been moved by the Minister for Justice and Parliamentary Affairs. If you would permit me we take up Rule56(a) first.

Mr. Wasim Sajjad : Yes, Sir.

Mr. Chairman : Now, this morning I tried to prepare a revised draft which I hope, has been circulated to the House. The Minister for Justice has seen it and I am told that probably for a small or a minor amendment he agrees with this. If the House also accepts then I think we can adopt it with the amendment which Mr. Wasim Sajjad might suggest. If you have not read rules, since there is some time, I can go through it very hurriedly. Would you like to do that?

(Voices – 'Yes')

Mr. Chairman : Right. This is a new rule – a new insertion in substitution of what had been reported earlier by the two committees which had gone into this question and also the draft which the Minister for Justice rather the Ministry of Law had circulated. Now, this is in revision of all that. It is a very simple and straightforward rule. It says :

(1) A member wishing to raise a matter of sufficient public importance may call attention of the Minister so such matters by giving notice in writing to the Secretary not less than two hours before the commencement of the sittings in which the notice is proposed to be moved. The notice shall be accompanied by a note explaining the importance of the matter and the reasons for drawing attention of the Minister.

(2) All call attention notices received upto two hours before the sitting would be placed for consideration of the Chairman who would select one of them and not more than two notices in a week for a statement by the Minister concerned at the end of the sitting on the same day or on the following day.

(3) Notices which are not selected for being taken up during the week will lapse. A member may, however, revive his notice for the following week. No notice will be carried beyond two weeks. Because then the urgency would disappear.

(4) "The 'call attention notices' selected by the Chairman would normally be listed in the Orders of the Day."

(5) "There shall be no formal motion before the Senate and no discussion or voting will take place on the notice. The member Who has given notice shall make a brief statement and the Minister concerned shall make a statement on the subject. The statement by the member shall not exceed five minutes and the statement by the Minister shall not normally exceed ten minutes".

(6) "The general principles governing admissibility of question and adjournment motions shall apply *mutatis-mutandis* to the admissibility of call attention notice".

The amendment which Mr. Wasim Sajjad is proposing is that although the notice may be given today but the statement by the Minister should be postponed to the following day to give some time to the Minister in order to be ready with the details of whatever has happened.

Mr. Wasim Sajjad: Sir, the amendment, I am suggesting, is since you will select the notice i.e. on that day and a statement will be required from the Minister. It should normally be on the following day. However, the Chairman should have the discretion that if there is a matter requiring statement on the same day he can then direct them.

Mr. Chairman : Well this is why I had said that some time the House is considerably agitated about matters which have happened. They want actually before starting a motion or a discussion that the correct facts should be known and since we are not doing away with the adjournment motions, we are not doing away with privilege motions, we are not doing away with motions under Rule 187, we are only dealing with emergency situation and which genuinely the House may need some more information which can only come from the government quarters before they make up their mind what to do next about that particular incident or matter. That is why I had put it that it can be on the same day, towards the end of the day, the notice would have been given two hours before the sitting that is to say if we normally start at 10.00 O'Clock, the notice must have been received either the previous day or by 8.00 O'Clock in the morning. The Secretariat would immediately circulate it to the Minister concerned and then till the end of the day, I think, there is enough time four or five hours which . . . .

(Interruption)

Mr. Wasim Sajjad : Sir, this is how I have put it. . . .

Mr. Chairman : But that would depend on the urgency of the matter itself.

Mr. Wasim Sajjad : Sir, I have put it like this. I should now read like this :

"For a statement by the Minister concerned at the end of the sitting on the following day. However, keeping in view the urgency of the matter the Chairman may direct that the statement shall be made at the end of the sitting on the same day".

Sir, normally it should be the following day if the Chairman so directs that it is urgent and he feels that there is a notice and he can have on the same day.

Mr. Chairman : Then in order to simplify it I think the drafting can be somewhat changed.

Mr. Wasim Sajjad : Yes, Sir.

Mr. Chairman : For a statement by the Minister at the [illegible] end of the sitting on the following day unless the Chair decides or the Chairman determines that the statement should be made on the same day.

Mr. Wasim Sajjad : Correct, that is right.

Mr. Chairman : Javed Jabbar Sahib.

Mr. Javed Jabbar : Two queries on this, Sir. Mr. Chairman, does the present draft specify that a 'call attention notice' can be given on every day of a sitting?

Mr. Chairman : Everyday.

Mr. Javed Jabbar :Including Sunday? Private Members Day; does it say that?

Mr. Chairman : Why not, I think it can be done.

Mr. Javed Jabbar : Not on a Private Members Day?

Mr. Chairman : Not on a Private Members Day.

Mr. Javed Jabbar : Okay. Second point, Sir. Does the present draft specify a time limit in each sitting for 'call attention notices'?

Mr. Chairman : No, let me explain it. Notices would be given. Notices would be put up or they would be considered by the Chairman from day to day. During the course of a week he would select two, not more than two in a week. Now the Member will speak on that motion for five minutes and the Minister for ten minutes ordinarily. So fifteen minutes the whole thing will finish. If a particular motion is not selected by the Chairman that would lapse. Unless the Member decides that from his point of view the matter is important enough, he can revive it then for the next week but then that would be the end of it. If it is not picked up again then it would be finished because the urgency of the matter would have disappeared.

Professor Khurshid Sahib.

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! جو وزیر عدل نے ترمیم دی ہے وہ تو میرے خیال میں معقول ہے اور ہمیں اسے قبول کرنا چاہیے، البتہ میری تشویش یہ ہے کہ ہفتے میں آپ زیادہ سے زیادہ دو ایسے نوٹس لے رہے ہیں، یہ ذرا کم ہیں، میرا خیال تھا کہ ہفتے میں زیادہ سے زیادہ تعداد پانچ رکھیئے، اس لئے کہ چاہے آپ وقت اور کم کر دیں یعنی دس منٹ وزیر کے لئے بہت زیادہ ہیں، میرا خیال تھا کہ اگر آپ اس وقت کو کم کر دیں، چار منٹ mover کے لئے اور آٹھ منٹ وزیر کے لئے آپ رکھ دیں یا سات منٹ وزیر کے لئے رکھ دیں تو اس طرح یہ ہوگا کہ وقت زیادہ مل جائے گا اور مزید چیزیں بھی آسکیں گی۔

جناب چیئرمین: عرض یہ ہے کہ ایک معاملے کو زیر بحث لانے کے جو نارمل طریقے ہیں وہ اپنی جگہ پر برقرار ہیں، ان سے کوئی انحراف نہیں، ان میں یہ ایک ایڈیشنل یعنی مزید سہولت دینے کی بات ہے اور میرے خیال میں ہفتے میں دو موشنز سے زیادہ

[Mr. Chairman]

ایک نئی بالکل معاملہ وہ پھر important matters arise نہیں ہو سکتے ہیں otherwise
مختلف نوعیت کی چیز ہونی چاہیے that is why آخر میں مجھے یہ کہنا پڑا کہ

The general principle governing questions or adjourment motions.

یہ نہیں ہے کہ وہ اس کے بالکل لکیر کے فقیر ہوں، لیکن وہاں پر ہے کہ

sensitive matters, secret matters, President's conduct

آپس میں کیبنٹ کے اور پراونشل گورنمنٹ کے مابین correspondence وغیرہ یہ چیزیں زیر بحث نہ

آئیں، تو اس لئے وہ ایک general principle کی بات کی ہے۔ ہندوستان کا جو انہوں نے ذکر کیا ہوا ہے

وہ بہت elaborate ہے، بہت complicated ہے، کچھ ہم نے کوشش بھی کی تھی،

جو منسٹری نے پہلے ڈرافٹ سرکولیٹ کیا ہوا تھا لیکن میرا خیال تھا کہ اس سے اور confusion

بڑھے گا اور معاملہ آسان نہیں ہوگا تو میرے خیال میں اس کو try کر لیتے ہیں

(مداخلت)

پروفیسر خورشید احمد: نہیں، باقی چیزیں تو بالکل ٹھیک ہیں، صرف ہندوستان میں اگر مجھے

صحیح یاد ہے شاید پانچ دن ہونا ہے 'half an hour' ذرا چیک کر لیں اس کو

Mr. Javed Jabbar : Must it be at the end of the day.

پروفیسر خورشید احمد: ہاں ہندوستان میں بھی یہی ہے۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں I agrre with the approach وہ اس لئے کہ

end of the day تک آپ سب حضرات پھر تشریف رکھیں گے۔

جناب جاوید جبار: ہم تو ہوتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد:- خیر وہ تو ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: جیسے adjourment motion کا وہ... نہیں وہ الگ دن ہو

سکتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: میرے خیال میں اس میں آپ ذرا اور گنجائش پیدا کریں.....

جناب چیئرمین: اس کو آپ ٹرائی کریں، ایک دفعہ یہ ڈرافٹ ہم سب complete کریں بعد میں اگر تجربے سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس میں کوئی خامی ہے تو I think.....

پروفیسر خورشید احمد: پھر ہفتے میں آپ کم از کم تین تو کریں، دو کی بجائے تاکہ یہ ہے کہ کچھ تو

جناب چیئرمین: بڑی مشکل سے وسیم سجاد صاحب کو یہ دو پر بھی راضی کروایا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: ان کو تھوڑی سی مشکل میں اور ڈال دیں۔

جناب چیئرمین: پہلے تو یہ ایک کو یعنی سات یا دس consecutive days میں ایک کو مان رہے تھے۔

پروفیسر خورشید احمد: اب وزیر بننے کے بعد یہ بدل گئے ہیں ورنہ یہ تو پانچ کی بھی تائید کرتے تھے

جناب وسیم سجاد: نہیں مقصد یہ ہے کہ ایڈجرنمنٹ موشنز کی facility already ہے، On every day it will come..... یہ تو ایک ایڈیشنل چیز ہے کہ فوری نوعیت کا اگر کوئی مسئلہ ہے اور چیئرمین صاحب سمجھتے ہیں کہ اس پر بیان ہونا چاہیئے تو وہ منسٹر کو ہدایت کر سکتے ہیں کہ اس پر بیان دیں، تو یہ مقصد فوت ہو جائے گا اگر اس کو adjourment motions کی طرح extension کر دی جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ adjournment motion آپ آدھے گھنٹے کی بجائے گھنٹہ کر رہے ہیں، وہ بات تو کچھ نہ ہوئی۔

پروفیسر خورشید احمد: نہیں دیکھیئے ہم یہاں یہ نہیں کہہ رہے کہ لازماً آئے گا یہ تو Chairman's descretion ہے.....

(مداخلت)

جناب وسیم سجاد: ضرور آئے گا۔

پروفیسر خورشید احمد: دیکھیں یہ تو چیئرمین ہی طے کرے گا.....

(مداخلت)

پروفیسر خورشید احمد: میں صرف ceiling کو ذرا flexible کروا رہا ہوں، یہ تو نہیں ہے کہ لازماً تین ہو ہی جائیں لیکن اگر چیئرمین صاحب یہ سمجھتے ہیں کہ ہاں ایسے معاملات ہیں تو کم از کم بیٹھتے ہیں آپ تین تو لا سکیں، اب ۱۵، ۱۵ منٹ کا معاملہ ہے۔ بلکہ میں کہتا ہوں اور کم کر دیجئے، دس منٹ کر دیجئے دونوں کے لئے یعنی دس منٹ کے اندر دونوں چیزیں ہو جائیں ممبر بھی اور منسٹر بھی لیکن تین کم از کم لے لیجئے۔

جناب وسیم سجاد: جناب یہی بات میں کہہ رہا تھا ہائی کورٹ ججز بل پر، لازماً نہیں کہ وہ بن ہی جائیں گے، اس پر انہوں نے مجھ سے ایک گھنٹہ بحث کی ہے۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں ذرا اس کو ٹرائی کرنے دیں۔

پروفیسر خورشید احمد: چلئے آپ ہی کی دلیل ہم مان رہے ہیں، اب تو مان جائیے آپ، یہ آپ کے principles پر ہے۔

Mr. Chairman : Let us try this out then I take it that we agree to this and we adopt it.

(The amendment was adopted)

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! ایک پوائنٹ، وہ یہ کہ جب فائنل چیز تیار ہو تو پھر رول 56 A نہیں ہونا چاہیے۔

جناب وسیم سجاد: وہ نمبرنگ ٹھیک کر لیں گے

جناب چیئرمین: وہ الگ سے کر لیں گے، وہ تو چونکہ قاعدہ ۵۶ کل پرسوں ہم نے restore کیا تھا اور یہ 56 A اس لئے بن رہا تھا ورنہ اس کو ہم continous numbering دیں گے۔

پروفیسر خورشید احمد: اس کی continuous numbering ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، اچھا ایک اب رہتا ہے قاعدہ ۱۳۷، اس پہ آپ لوگوں نے بھی بہت محنت کی تھی، ہم نے بھی کی تھی جس میں ایڈیشنل کمیٹیز کا ذکر ہے اور میں خصوصاً اُن دو کمیٹیوں کا ایک پروفیسر خورشید کا، جو سب کمیٹی تھی انہوں نے یہ initiative لیا اور انہوں نے guidelines provide کی تھیں، دوسرے سرتاج عزیز صاحب، آج تو نہیں ہیں ہاؤس میں، لیکن انہوں نے جو کام کیا وہ کمیٹیز ہم نے ان کی رپورٹ کی بنا پر suggest کی تھیں اور میرا خیال تھا وہ کافی معقول ہے، اس پر وزیر انصاف صاحب کو کچھ اعتراضات ہیں اور انہوں نے اپنا وہ جو سرکولیٹ کیا ہوا ہے تو اس پر کچھ میرے خیال میں آپ غور کریں، شاید کچھ compromise کرنا پڑے۔

جناب جاوید جبار: کیا سرکولیٹ کیا ہوا ہے؟

جناب چیئرمین: یہ آپ کے پاس ہے۔

جناب جاوید جبار: ہاں، ہاں۔

جناب چیئرمین: ان میں سے یا قاعدہ ۱۳۷ نے چھوڑ دیا تھا باقی تو رولز ہم نے ختم کر لئے تھے

جناب جاوید جبار: کب ختم کر لئے تھے جناب۔

جناب چیئرمین: پرسوں۔

جناب جاوید جبار: نہیں جی۔

We have not dealt with all the rules.

Mr. Wasim Sajjad : We have.

Mr. Chairman : We have dealt with all the rules except for this 137 including the schedules and including everything.

Mr. Javed Jabbar : No Sir, may I just correct at 8.30 p.m. Professor Khurshid raised the point that it had become a very long day we were on page No. 5 of the amendments, we stopped at that point, you can check the records.

Mr. Chairman : Which means that the rules other than those to which amendment had been suggested had been finalized already. After amendments only 137 and 56 were outstanding. The rest of the amendments also were disposed of.

Mr. Javed Jabbar : But on page 5 of the List of Amendments, there is an amenmendment that I have proposed to Rule 137 which has not come up for discussion.

Mr. Chairman : This is what I am saying that on Rule 137 we have still to finalize. There is one set of suggestions by Mr. Wasim Sajjad and another by you.

(Interruption)

Mr. Chairman : Shall we deal first with the amendment suggested by Mr. Javed Jabbar.

Mr. Wasim Sajjad : Yes, Sir.

Mr. Chairman : Mr. Javed Jabbar has suggested :

"that in Rule 137, in sub-Rule(1), in Committee 1, the word "Women', be deleted".

Mr. Javed Jabbar : You want me to say why I have made this proposal?

Mr. Chairman : Yes please.

Mr. Javed Jabbar : The reason why I am suggesting the deletion of the word 'Women' from here is that it is accompanied by the next amendment where I believe that coupling the subject of 'Women's Affairs' with the Cabinet and the Establishment and the O&M Division is not an appreciate configuration. That the subject of "Women's Affairs" should be attached to the Committee that deals with Planning and Development, Population Welfare, because in terms of the priority of the subject and the attention that the subject deserves, and looking at the experience of the Women's Division for the past six or seven years, it has not been able to develop the kind of work pattern or momentum which I think it would be able to, if it was joined together with Planning and Development.

Mr. Chairman : I have no objection but the only point is that we have proceeded according to the division of the work in the Government as per Rules of Business and under the Rules of Business the present Divisions and Ministries are constituted in the manner that we have tried to reflect as the subject of these Committees.

Mr. Javed Jabbar : But, Sir, in 1973 this was not so.

Mr. Chairman : In 1973 also this was so.

Mr. Javed Jabbar : The Foreign Affairs was lumped together with Interior.

Mr. Chairman : This was the irrationality which we have tried to correct. Now, in the case of Women Division, it is not only a question of Planning. These Standing Committees are required to look into the laws also pertaining to particular subjects. There would be, for example, Family Laws. They may be dealing with Women's Affairs but should they then belong to Planning and Development, should they belong to the Ministry of Justice, should they belong to some thing else? That is why, as I said before, I have no strong views on this, we have taken the present structure of the Government and the division of work in the Ministries as more rational than what we can devise.

Mr. Javed Jabbar : I appreciate that but if we can do this without having to confront this obstacle of the Rules of Business; if the Government does not have any objection and you feel that it is not a major problem, I think Planning & Development would do much greater justice to the subject of 'Women' and it should be integrated into the overall planning processes.

Mr. Chairman : This is for Dr. Mahbub ul Haq. I think he can throw some light on this. But I think the Planning Division is not planning for the development of women separately.

Dr. Mahbubul Haq : I think Mr. Chairman, the honourable Senator is right that women's development requires more substantive treatment whereas in the Committees on Cabinet, Establishment and O&M, probably more administrative and procedural issues will be taken up. We have no objection to having this included in either Committee No. 5 where issues of Planning and Development and Population Welfare are to be considered or in Committee No. 7 where matters regarding Culture, Youth Affairs Information & Broadcasting and so on are to be dealt with.

Mr. Chairman : This is for the House to decide.

Dr. Mahbubul Haq : As for the House, wherever they would like we would certainly have no objection to it.

Mr. Wasim Sajjad : Why not Committee No. 12?

Mr. Javed Jabbar : What about Committee No. 7?

Mr. Chairman : Well, then let us take it to Committee No. 7, if the House agrees.

Lt. Genl. (Retd.) Saeed Qadir : Yes, I think let us take it to Committee No. 7.

Mr. Javed Jabbar : Right.

Mr. Chairman : Right. Then Women Division will be taken down to Committee No. 7.

The next amendment by Mr. Javed Jabbar is :

'That in Rule 137, in subRule (1), in Committee 5, after the word "Welfare" occurring at the end, the word "Women" be added'.

Well, this we have decided. I think it was a corollary to your first amendment?

Mr. Javed Jabbar : Yes, Sir.

Mr. Chairman : Then the next amendment by Mr. Javed Jabbar is :

'That in Rule 137, in sub-Rule (2), at the end of the following words and commas be added, namely :-

"Each Committee may also investigate, discuss, make recommendations to the Senate on any aspect of a subject relevant to the interests and security of the Federation, within the legislative purview of the Senate as described in the Constitution or not specifically covered by the work of the Standing Committees".

Mr. Wasim Sajjad : Which amendment is this?

Mr. Chairman : This is Mr. Javed Jabbar's amendment at S.No. 31, on page 5 of the cyclostyled list of amendments.

Mr. Javed Jabbar : Before the Minister answers Mr. Chairman, if I can have the attention of the honourable Minister also. Mr. Minister!

Mr. Wasim Sajjad : Mr. Senator, yes.

Mr. Javed Jabbar : The reason for suggesting this amendment Mr. Chairman, is that at the present time sub-Rule(2) does not in my view adequately describe the potential work that a Standing Committee can do or even its present work. It tends to confine itself. The present sub-Rule(2) of Rule 137 says :

"Each Committee shall deal with subjects, assigned under the rules for the allocation and transaction of business of Government, to the Ministries or Divisions with which it is concerned or any other matter referred to it by the Senate".

Mr. Chairman : I think this is covered under Rule 138 which says:

"138. Except as otherwise provided in these rules, the Senate may, on a motion made by a Minister or Member remit to the Standing Committee any subject or matter with which it is concerned and the Standing Committee shall study such subject or matter with a view to suggesting legislation or making recommendations to the Senate.

Mr. Javed Jabbar : Do you want to make that dependent on the making of a motion?

Mr. Chairman : That is right.

Mr. Javed Jabbar : Cannot the Standing Committee on its own do it?

Mr. Chairman : It would lead to, excuse my words, considerable avoidable confusion unless it is a motion either by a Member or a Minister that it should be referred. Otherwise the Committees – if you let them loose, then I think God alone knows what will happen.

Mr. Javed Jabbar : Do you feel that that is enough to allow a comprehensive review of any aspect?

Mr. Chairman : This is what I feel.

Do you agree with this?

Mr. Wasim Sajjad : Yes, Sir.

Mr. Chairman : Dr. Mahbubul Haq Sahib.

Dr. Mahbubul Haq : That is right, Sir. I think the Committees should confine themselves to the subjects which are assigned to them and the provision is always there that they can take up other matters on a motion being moved.

Mr. Chairman : Prof. Khurshid Sahib.

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میرا خیال یہ ہے کہ ہم نے اس پر کمیٹی میں بھی بحث کی تھی **and I think General Saeed Qadir would bear me out** کہ ۱۳۸ کے ذریعہ سے تو وہ چیزیں ہیں جو سینیٹ سے آئیں گی لیکن ان میں even otherwise کمیٹی جو ہے وہ چیزوں کو زیر غور لا سکتی ہے، کمپیٹنٹ ہے وہ اس کے لئے میں آپ کو ریفر کرونگا......

جناب چیئرمین: جو existing rules میں دو پروویژنز ۱۳۸ اور ۱۴۰ میں ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! غالباً ۱۴۰ میں ہے۔

Mr. Chairman : It says :

> "A Committee shall examine a Bill, subject or matter referred to it by the Senate..."

[Mr. Chairman]

وہ بھی contingent ہے on a motion آپ کو پروفیسر صاحب یاد ہے کہ ریویو کمیٹی میں جس وقت بیٹھے اور اس کو پوری طرح ریویو کیا۔

This was one of the points which was discussed and debated at great length.

اور اسی نتیجے پر ہم پہنچے تھے کہ

There must be a motion either by a Minister or a Member

کہ اس subject particular کو study کیا جائے یا اس میں کچھ ترمیم کی جائے

Without that neither the Ministries nor the bureaucracy nor for that matter the Government machinery would be able to cope with the type of inquiries that we set up.

Mr. Javed Jabbar : But Mr. Chairman, the concept of what is called a Standing Committee means that ongoing developments, if it is the subject of information, for example, it can be reviewed by the Standing Committee without a motion being made to it.

Mr. Chairman : That is true. This is how the things start. There has to be a meeting of the Committee called by the Chairman of the Committee in which the Ministries concerned, present their overall reports so to say – arising out of their overall reports, then a motion has to be made that this particular subject should be studied in greater detail. This is how I envisage the functioning of the Committees.

Mr. Javed Jabbar : The apprehension is; are we allowing Government or anyone in avoiding a reference to the Standing Committee, simply by saying, you can not ask us for a briefing on this or that issue.

Mr. Chairman : No, no.

Syed Abbas Shah : We can immediately ask the department to supply us information but if we come again to the Senate and raising the motion it will take another month or two months to move that motion.

Mr. Chairman : No, it is not that. The Standing Committees have to meet periodically. The Standing Committees are also chaired not by the Ministers but by memebrs of the Senate. They have to call meetings. The first thing which the Committees do, so far according to my experience and what is in my knowledge, is to call a report on the perfomance of a particular Ministry generally & to be briefed on particular subject. Having done that, then there are specific questions arising out of that for example Communication Division, has done extremely well according to whatever briefing they do but has the Communication Division looked into the affairs of Port Qasim also. A subject which came up this morning and then if some Members suggest that Port Qasim should be looked into at greater details, we do that. This is how in particular, I think, the Ministry or the Committee dealing with Commerce and Power and Petroleum, they looked into these matters arising out of the overall briefing or overall presentation of a Ministry's report.

Syed Abbas Shah : Sir, If I am allowed again to present my case. I think that it will be quite difficult to take every thing to the motion as recently we have done very good work in our Committee on the Oil and Gas but we have not brought any motion in the House.

Mr. Chairman : You don't have to bring them to the House. You have to move that motion in the Committee itself. This is what I am trying to explain.

Syed Abbas Shah : But Sir, then you are stopping straightaway. With this we are stopping from doing a beneficial work for this what I think, this is my feeling about it.

Mr. Chairman : If the Committee approves then you can go ahead with that. Qazi Sahib what has been your experience?

